وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا

شیعہ

کیا ہے کیا نہیں ہے

شیعہ مذہب کے باطل ہونے پر مختلف کتب سے اکٹھا کر کے لکھا جانے والا بیش قیمتی مواد

ترتیب کنندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مسز ایم اے انصاری

☆☆فہرست مضامین☆☆

ترتیب وار مضمون
رافضی کسے کہتے ہیں
اثنا عشریہ مذہب کی بنیاد
اللہ کے بارے میں اثنا عشرہ کا اعتقاد
تحریف قرآن کے سلسلہ میں اثنا عشریہ کے اقوال
شیعہ اثنا عشریہ کے یہاں امامت رکن ہے اور اسکا منکر کافر ہے
شیعہ اثنا عشریہ کا نبی ﷺ آپکی بیٹیوں اور اہل بیت کے ساتھ بدسلوکی
بنات رسول ﷺ کے بارے میں اہل سنت کا موقف
شیعہ اثنا عشریہ کا امہات المومنین سیدہ عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما کو کافر قرار دینا
شیعہ اثنا عشریہ کا سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے غلو کرنا
رافضیت اور ولایت علی رضی اللہ عنہ
شیعہ اثنا عشریہ کا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شان میں غلو کرنا:
شیعہ کے نزدیک انکے آئمہ بے پناہ اختیارات کے مالک ہیں
شیعہ اثنا عشریہ کا اپنے اماموں کو نبیوں پر فوقیت دینا اور غلو کرنا
شیعہ اثنا عشریہ کا 3 صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ کے علاوہ بقیہ کو کافر قرار دینا
صحابہ کو گالی دینا الشیخ ابن عثیمین اور الشیخ ابن باز رحمہ اللہ کی نظر میں
شیعہ اثنا عشریہ کے منگھڑت (جھوٹ وخود ساختہ) مہدی اور قول رجعت
شیعہ اثنا عشریہ کے نزدیک امام مہدی کا نام لینے والا کافر ہے
شیعہ اثنا عشریہ کا قبروں اور مزاروں کی عبادات کے بارے میں قبیح غلو
شیعہ اثنا عشریہ کی کفار سے دوستی، اور انکی خیانتوں اور بے وفائیوں کا بیان
شیعہ اثنا عشریہ کا مکہ ور مدینہ سے بغض وعداوت رکھنا
مکہ پر حوثی شیعوں کے حالیہ حملے پر الشیخ صالح بن فوزان کی مسلمانوں کی نصیحت
مفتی مملکت الشیخ عبدالعزیز آل الشیخ حفظہ اللہ فرماتے ہیں
شیخ ربیع بن ہادی المدخلی حفظہ اللہ فرماتے ہیں
شیعہ اثنا عشریہ کا مصر وشام سے بغض وعداوت رکھنا
شیعہ اثنا عشریہ کے اصحاب عمائم کا خمس کھانا
متعہ کیا ہے
متعہ کیسے ہوتا ہے

متعہ کس سے ہو سکتا ہے
چھوٹی بچی سے بھی متعہ کیا جا سکتا ہے
بغیر ولی کے متعہ
کتنی عورتوں سے متعہ کیا جا سکتا ہے
متعہ کی اجرت کیا ہوگی
متعہ کی مدت کیا ہوگی
عارضی استعمال کے لئے شرمگاہ دینا
شیعہ اثناعشریہ کا متعہ پر ابھارنا اور بدکار عورتوں سے لطف اندوز ہونا
حرمت متعہ نصوص قرآن سے
حرمت متعہ حدیث رسول نبی کریم ﷺ سے
حضرت علی رضی اللہ عنہ اور متعہ
حرمت متعہ کتاب شیعہ سے
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حرمت متعہ
حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حرمت متعہ
حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پر متعہ سے پیدا ہونے کا الزام
حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی دیگر اولاد
شیعہ کے گھر کی شہادت
متعہ کے بارے میں چند محدیثین و آئمہ کے اقوال
"آئمہ معصومین" کے متعلق شیعوں کے عقائد و نظریات
شیعوں کا عقیدہ: کتمان و تقیہ
کتمان اور تقیہ کی ضرورت کیوں
کتمان کے بارے میں شیعہ کتب سے دلائل
تقیہ کے بارے میں شیعہ کتب سے دلائل
تقیہ ور جھوٹ شیعہ اثناعشری مذہب کی اساس ہے
تقیہ کب اور کیسے
شیعہ اثناعشریہ کا مسلمانوں کی تکفیر کرنا اور ان سے حقد و حسد رکھنا
شیعہ اثناعشریہ کا اہل سنت کے خلاف اس قدر حقد کرنا جو وصف سے باہر ہے
شیعہ اثناعشریہ کی خرافات
یہود اور شیعت میں فکری مشابہت
یہودیت اور شیعت کی مشترکہ قدریں
یہود کی خصوصیات شیعہ لٹریچر میں

شیعی کتب میں یہود کی مسلمانوں سے عداوت اور دشمنی
ناصبیت اور اہل بیت
رافضی شیعہ کی تردید سے متعلق اہم مصادر
الخلاصہ
فتاوی از آئمہ اربعہ ور علماء اکرام
امام مالک رحمہ اللہ متوفی 179ھ کا فتوی
امام شافعی رحمہ اللہ متوفی 202ھ کا فتوی
امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ متوفی 150ھ کا فتوی
امام ابو یعلی الحنبلی رحمہ اللہ متوفی 307ھ کا فتوی
امام ابو زرعہ رازی رحمہ اللہ متوفی 207ھ کا فتوی
امام ابن حزم رحمہ اللہ متوفی 456ھ کا فتوی
ار قام فرماتے ہیں
شیخ السلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ التوفی 38ھ کا فتوی
شیخ السلام امام محمد رحمہ اللہ بن عبد الوہاب متوفی 1206ھ کا فتوی
مجدد العلوم النبویہ سید نواب صدیق الحسن خاں رحمہ اللہ التوفی 1307ھ کا فتوی
قاضی عبد الاحد خانپوری رحمہ اللہ التوفی 1347ھ کا فتوی
مولانا شرف الدین محدث دہلوی رحمہ اللہ التوفی 1381ھ کا فتوی
مفتی اعظم حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ التوفی 1387ھ کا فتوی
مولانا عبد السلام سلفی بستوی دہلوی رحمہ اللہ التوفی 1394ھ کا فتوی
مشہور زمانہ اہل حدیث سکالر علامہ احسان الہی ظہیر رحمہ اللہ التوفی 1407ھ کا فتوی
حضرت مولانا عطاالله حنیف خشی سنن نسائی رحمہ اللہ التوفی 1407ھ کا فتوی
شیعہ کے کفر پر چوٹی کے فتاوی
حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتوی
حضرت امام مالک رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت قاضی عیاض رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت الشیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ کا فتوی
علامہ کمال الدین ابن عصام رحمہ اللہ کا فتوی
علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا فتوی
صاحب فتاوی بزازیہ کا فتوی
ملا علی قاری رحمہ اللہ کا فتوی

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا فتوی
فتاوی عالمگیری کا فتوی
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کا فتوی
صاحب در مختار کا فتوی
علامہ شامی رحمہ اللہ کا فتوی
مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کا فتوی
مولانا احمد رضا خان بریلوی کا فتوی
سلف صالحین آئمہ عظام، اکابر مفسرین اور فقہائے اکرام کا رافضی شیعہ کے کافر ہونے کی بابت فتاوی
امام مالک ابن انس رحمہ اللہ
امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ
امام بخاری رحمہ اللہ
امام الفریابی رحمہ اللہ
امام احمد ابن یونس رحمہ اللہ
امام حسن بن علی بن خلف البربھاری رحمہ اللہ
امام عبد القاہر البغدادی التمیمی رحمہ اللہ
امام قاضی ابو یعلی رحمہ اللہ
امام ابن حزم الظاہری رحمہ اللہ
امام شوکانی رحمہ اللہ
امام قاضی عیاض رحمہ اللہ
امام السمعانی رحمہ اللہ
فقیہ مفسر امام اصولی، الاسفر ایینی ابو المظفر شہفور بن طاہر بن محمد رحمہ اللہ
حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ
علامہ کمال الدین ابن عصام رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ
علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا فتوی
صاحب فتاوی بزازیہ کا فتوی
ملا علی قاری رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا فتوی
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کا فتوی

رافضی کسے کہتے ہیں

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: رافضہ نام کی حقیقت یہ ہے کہ زید بن علی رحمہ اللہ کے دور خروج میں شیعہ زیدیہ اور رافضہ میں تقسیم ہو گئے۔ وہ اس طرح کے جب شیعہ نے زید سے سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ان کے بارے میں رحم لانہ بات کی، جس پر ایک گروہ نے "رفض" (انکار) کیا تو زید نے کہا "رفضتموني" (تم نے مجھے رفض یعنی انکار کیا) لہذا ان کے سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں اچھے خیالات کا انکار کرنے والے رافضی کہلائے اور جنہوں نے انکار نہیں کیا وہ زیدی کہلائے۔

(منہاج السنۃ النبویۃ لابن تیمیۃ جلد نمبر: 1 صفحہ نمبر: 35) (توحید خالص ڈاٹ کام)

اثنا عشریہ مذہب کی بنیاد

☆ شیعہ اثنا عشریہ کے اعتقادات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ: وہ اس بات کا اعتراف و اقرار کرتے ہیں کہ: شیعیت کی اصل یہودیت ہے جو ابن سبا یہودی کی طرف لوٹتی ہے، اور یہ کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے انہیں آگ سے جلا دیا تھا اور ان سے براءت کا اظہار کیا تھا۔
دیکھیں: کتاب (فرق الشیعہ) للنوبختی، ص ۲۲، اور کتاب (اختیار معرفۃ الرجال) للطوسی ص ۱۰۷۔

☆ وہ اپنے آپ کو رافضہ کہلایے جانے کے قائل و معترف ہیں اور اس پر فخر محسوس کرتے ہیں۔
دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی ۶۵/۹۷)۔

اللہ کے بارے میں اثنا عشرہ کا اعتقاد

☆ شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ:
ہم (اہل سنّت کے ساتھ) ایک اللہ، ایک نبی، ایک امام پر اکٹھا نہیں ہو سکتے، اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ: ان کا رب وہ ہے جس کے نبی محمد ﷺ ہیں اور ان کا ہونے والا خلیفہ ابو بکر ہے، جبکہ ہم (شیعہ اثنا عشریہ) اس رب اور اس نبی کے قائل نہیں ہیں، بلکہ ہم کہتے ہیں کہ: وہ رب جس کے نبی کا خلیفہ ابو بکر ہے وہ ہمارا رب نہیں ہے اور نہ ہی وہ نبی ہمارا نبی ہے۔ دیکھیں: کتاب (الأنوار النعمانیہ) لنعمۃ اللہ جزائری ۲/۲۷۸)۔

☆ اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:
بے شک اللہ تعالیٰ کو قیامت کے دن نہیں دیکھا جا سکتا، اور نہ ہی اسے کسی مکان و زمان سے متصف کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے، اور جو کہتا ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) نچلے آسمان پر اترتا ہے، یا یہ کہ وہ اہل جنّت کے لئے چاند یا اس جیسے ظاہر ہو گا تو وہ اللہ کے ساتھ کفر کرنے والا ہو گا۔ (دیکھیں: کتاب (عقائد الإمامیۃ) لمحمد رضا مظفر، ص ۵۸)۔

☆ اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:
اللہ تعالیٰ بروز قیامت بندہ مومن سے مخاصرہ کرے گا، اسی طرح مومن بھی اپنے رب سے مخاصرہ کرے گا اور اسے اپنے گناہوں کو یاد دلائے گا، پوچھا گیا مخاصرہ کیا ہے؟ فرمایا: اس نے اپنے ہاتھ کو میری کھوکھ پر رکھا، اور کہا: اسی طرح ہم سے آدمی اپنے بھائی سے خوش کن بات پر مناجات و سرگوشی کرتا ہے۔ (دیکھیں: کتاب (الأصول الستۃ عشر) تحقیق: ضیاء الدین المحمودی، ص ۲۰۳)۔

☆ اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:
بے شک اللہ تعالیٰ یوم عرفہ کو روئے زمین پر زوال کے شروع ہوتے ہی چوڑی پیشانی والے اونٹ پر نازل ہوتا ہے، اور اس کی دونوں رانوں سے اہل عرفات کو دائیں و بائیں سے روندا جاتا ہے۔ (دیکھیں: کتاب (الأصول الستۃ عشر) تحقیق: ضیاء الدین المحمودی، ص ۲۰۴)۔

☆ اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:
قبر کا استقبال کرنا ضروری ہے، گرچہ وہ قبلہ کے موافق نہ ہو، اسی طرح زائر کے لئے قبر کا استقبال کرنا قبلہ کے استقبال کے درجہ میں ہے اور وہ (اللہ کا چہرہ) ہے یعنی اس کی جہت

ہے جس کا اس حالت میں لوگوں کو استقبال کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔(دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۱۰۱/ ۳۶۹)۔

☆اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:

تمہارا (آہ) کہنا یہ اللہ کے اچھے ناموں میں سے ہے، پس جس نے (آہ) کہا تو گویا اس نے اللہ سے فریاد طلب کیا۔(دیکھیں: کتاب (مستدرک الوسائل) للنوری طبرسی، ۲/ ۱۴۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

اللہ تعالیٰ حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی زیارت کرتا ہے اور ان سے مصافحہ کرتا ہے، اور ان کے ساتھ چارپائی پر بیٹھتا ہے۔(دیکھیں: کتاب (صحیفۃ الأبرار) محمد تقی، ۲/ ۱۴۰)۔

تحریف قرآن کے سلسلہ میں اثنا عشریہ کے اقوال

☆شیعہ اثنا عشریہ قرآن میں تحریف و کمی کے قائل ہیں، اور کہتے ہیں کہ صحیح قرآن ان کے غائب امام مہدی کے ساتھ ہے۔

شیعہ امامیہ کے مشہور علما جو تحریف قرآن کے قائل ہیں وہ درج ذیل ہیں:

علی بن ابراہیم القمی، نعمۃ اللہ جزائری، فیض کاشانی، احمد طبرسی، محمد باقر مجلسی، محمد بن نعمان ملقب بالمفید، ابوالحسن عاملی عدنان بحرانی، یوسف بحرانی، نوری طبرسی، حبیب اللہ خوئی، محمد بن یعقوب کلینی، محمد عیاشی اور ان کے علاوہ بہت سارے لوگ ہیں۔(دیکھیں: کتاب (الشيعة الاثني عشرية وتحريف القرآن) تالیف: محمد سیف، و کتاب (موقف الرافضة من القرآن الكريم) تالیف: مامادو کارامیری)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

لفظ (آل محمد و آل علی) قرآن سے ساقط ہے۔(دیکھیں: کتاب (منہاج البراعۃ شرح نہج البلاغۃ) لحبیب اللہ الخوئی، ۲/ ۲۱۶)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

قرآن کو صرف ائمہ (اثنا عشریہ) نے ہی جمع کیا ہے، اور انہیں قرآن کا پورا علم حاصل ہے۔(دیکھیں: کتاب (اصول الكافي) للكلينی، ۱/ ۲۲۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

قرآن نہیں حجت ہوگا مگر قیّم (یعنی امام علیؓ رضی اللہ کی تقیمیم) کے ذریعہ (دیکھیں: کتاب (أصول الكافي) للكلينی، ۱/ ۱۶۹)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ایک سورت ہے جس کا نام سورہ ولایت ہے جس کی ابتدا (یا أیها الذین آمنوا آمنوا بالنّورین) سے ہوتی ہے، ان کے گمان کے مطابق اسے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے قرآن سے ساقط کر دیا ہے۔(دیکھیں: کتاب (فصل الخطاب في تحريف كتاب ربّ الأرباب) للنوری طبرسی، ص ۱۸)۔

☆اسی طرح ان کا کہنا ہے کہ:

ایک مصحف ہے جس کا نام مصحف فاطمہ رضی اللہ عنہا ہے، اور اس کے اندر ہمارے اس قرآن کی طرح تین بار ہے۔(دیکھیں: کتاب (اصول الكافي) للكلينی، ۱/ ۲۳۹)۔

☆اسی طرح وہ اللہ کے قول ﴿يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ﴾

"[المائدہ: ۶۷]

اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجیے۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اللہ کی رسالت ادا نہیں کی" کو: (بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ -في علي- وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ) الآية "اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے۔ علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔ نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجیے۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اللہ کی رسالت ادا نہیں کی" سے تحریف کے قائل ہیں، چناں چہ اس آیت میں انہوں نے اپنی گمان کے مطابق (في علي) کا لفظ بڑھا دیا ہے

یعنی: نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بھول گئے یعنی چھوڑ دیا، اور ایسا منافقین سے خوف کی بنا پر کیا، جیسا کہ بہت ساری خبروں (حدیثوں) میں انہوں نے اس بات کی صراحت کی ہے۔(دیکھیں: فصل الخطاب في تحريف كتاب رب الأرباب) للنوری طبرسی، ص ۱۸۲)۔

☆اسی طرح ان کا کہنا ہے کہ: وہ اس شخص کا انکار نہیں کرتے جو شیعہ کے نزدیک تحریف قرآن (ثقل اکبر) کا قائل ہے، بلکہ اسے مجتہد مانتے ہیں، لیکن جو شیعہ کے نزدیک ولایت علیؑ (ثقل اصغر) کا انکار کرتا ہے وہ کافر ہے جس کے کفر کے بارے میں کوئی شک نہیں۔ (دیکھیں: کتاب (الاعتقادات) لابن بابویہ القمی، ص ۱۰۳)۔

☆اسی طرح وہ اس بات کے قائل ہیں کہ:

انہوں نے اپنے شیعوں کو نماز وغیرہ میں موجودہ قرآن کو پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے یہاں تک کہ مولانا صاحبِ زمانہ کا ظہور ہو گا جو موجودہ قرآن کو لوگوں کے ہاتھ سے آسمان کی طرف اٹھا دیں گے، اور اس قرآن کو لائیں گے جسے امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ نے تالیف کیا ہے، چناں چہ اسی نسخہ کو پڑھا جائے گا اور اس کے احکام کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ (دیکھیں: الأنوار النعمانیہ) لنعمۃ اللہ جزائری، ۲/۳۶۳)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

اپنی عورتوں کو نہ تو سورہ یوسف سکھاؤ اور نہ ہی اسے پڑھاؤ، کیوں کہ اس میں فتنے ہیں، بلکہ انہیں سورہ نور سکھاؤ کیوں کہ اس میں عبرتیں و نصیحتیں ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (الفروع من الکافی) للکلینی، ص ۵/۵۱۶)۔

【شیخ عبد اللہ بن محمد سلفی۔ حفظہ اللہ / من ھم الشیعۃ الإثناعشریۃ】

تحریف قرآن کے سلسلے میں مزید دیکھیے:

مسلمانوں کے ہاتھوں میں متداول اور موجودہ قرآن مجید اپنی اصل شکل میں نہیں بلکہ معاذ اللہ یہ قرآن محرف ہے اور اس میں پانچ قسم کی تحریف کی گئی ہے

کمی (2) اضافہ (3) تبدل حروف (4) تبدل الفاظ (5) سورتوں، آیتوں اور کلمات قرآن میں تبدیلی۔ (1)

(اصول کافی باب فیہ ذکر الصحیفۃ والجامعۃ ومصحف فاطمہ ج1 ص239 تا242)

ملا حسن بن محمد تقی نوری طبرسی کی کتاب فصل الخطاب فی اثبات تحریف کتاب رب الارباب جو 298 صفحات پر مشتمل ہے، قرآن میں تحریف ثابت کرنے کے لئے لکھی گئی ہے

۔

(عن أبی عبد اللہ قال إن القرآن الذی جاء بہ جبریل سبعۃ عشر ألف آیۃ. (اصول کافی کتاب فضل القرآن ج2 ص634

اصل قرآن وہ ہے جو جبریل رسول اللہ کے پاس لایا تھا اس کی 17 ہزار آیات تھیں۔ جبکہ مسلمانوں کے پاس قرآن مجید جو مکمل ہے اس کی 6666 آیات ہیں۔

موجودہ قرآن مکمل اور محفوظ کہنے والا کذب ہے۔ (اصول کافی کتاب الحجۃ ج1 ص228) اور اسی کتاب کے باب النوادر میں ہے کہ شیعوں کا ایک قرآن الجامعۃ ستر ہاتھ لمبا ہے۔

اصول کافی باب فیہ الصحیحۃ والجفر والجامعۃ ومصحف فاطمہ ج1 ص239 تا242) کی مطابق قرآن مجید ایک نہیں چار ہیں۔ اور پھر ان کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ جبکہ قرآن مجید کی متعدد نصوص صریحہ کے مطابق صرف ایک قرآن نازل ہوا تھا اور وہ اپنی اصل شکل میں محفوظ اور متداول ہے۔ صدق اللہ تعالی:

﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿٩﴾... سورة التوبة

﴿وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ﴿٤١﴾ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ

﴾سورة حم السجدة/ ۴۲﴾

【فتاوہ محمدیہ / جلد:1 / صفحہ:95】

شیعہ اثنا عشریہ کے یہاں امامت رکن ہے اور اسکا منکر کافر ہے

☆شیعہ کہتے ہیں کہ:

جو شخص امامت کا اعتقاد نہیں رکھتا تو اس کا ایمان بغیر اس پر ایمان واعتقاد کے نامکمل ہے۔ (کتاب (عقائد الإمامیۃ) لمحمد رضا مظفر، ص ۷۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

امامت نبوّت کی بقا کے لئے ہے، اور وہ دلیل جو رسولوں کو بھیجنے اور انبیاء کو مبعوث کرنے کو واجب ٹھہراتی ہے وہ دلیل بعینہ رسول کے بعد امام کے تعیین کو واجب کرتی ہے۔

(دیکھیں: کتاب (عقائد الإمامیۃ) لمحمد رضا مظفر، ص ۸۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

امامت سے ان کی مراد ایک ایسا الٰہی منصب ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے بارے میں اپنے سابق علم سے اختیار کرتا ہے، جس طرح کہ وہ نبی کا انتخاب کرتا ہے، اور نبی کو اس بات کا حکم دیتا ہے کہ امّت کو اللہ کی طرف رہنمائی کریں، اور امّت کو ان کی اتباع کا حکم دیتا ہے۔(دیکھیں: کتاب (أصل الشیعۃ وأصولھا) لمحمد حسین کاشف الغطاء، ص۱۰۲۹)۔

بلکہ یہ (امامت) دین کے اصولوں میں سے ایک اصل ہے جس کا اعتقاد رکھے بغیر ایمان مکمل نہیں ہو سکتا، اور دوسری عبارت میں وہ یوں کہتے ہیں: امامت نبوّت کے استمرار و بقا کے لئے ہے۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

جس نے امیر المومنین علی بن ابی طالب کی امامت اور ان کے بعد کے ائمہ کا انکار کیا تو گویا اس نے تمام انبیاء کی نبوّت کا انکار کیا، اور جس نے امیر المومنین کا اقرار کیا اور ان کے بعد کے ائمہ میں سے کسی ایک کا انکار کیا تو وہ تمام انبیاء کے اقرار کرنے والے کے درجے میں ہو گا اور محمد ﷺ کی نبوّت کا انکار کرنے والا ٹھرے گا۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

جس نے (ائمہ اثنا عشریہ میں) سے کسی ایک امام کا انکار کیا تو وہ تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی نبوت کے انکار کرنے والے کے درجے میں ہو گا۔(دیکھیں: کتاب (منھاج النجاۃ) للفیض الکاشانی، ص۴۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

شیعہ امامیہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس نے کسی ایک امام کا انکار کیا اور ان ائمہ کے تئیں اللہ تعالیٰ نے اس پر جو اطاعت فرض کی ہے اس کا انکار کیا تو وہ کافر اور گمراہ ہے، اور خلود فی النار کا مستحق ہے۔(دیکھیں: کتاب (حق الیقین فی معرفۃ أصول الدین) لعبد اللہ شبر ۲/۱۸۹)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ایسے شخص پر شرک و کفر کا اطلاق کرنا جو امیر المومنین (علی رضی اللہ عنہ) کی امامت کا اعتقاد رکھتا ہے اور نہ ہی ان کی اولاد میں سے (دیگر) ائمہ کی امامت کا، اور ان پر دیگر لوگوں کو فوقیت دیتا ہے تو یہ اس کے خلود فی النّار ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۲۳/۳۹۰)۔

شیعہ اثنا عشریہ کا نبی ﷺ آپکی بیٹیوں اور اہل بیت کے ساتھ بدسلوکی

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

جب نبی ﷺ پیدا ہوئے تو کئی دنوں تک دودھ پئے بغیر رہے، تو ابو طالب نے ان کو اپنے پستان سے لگایا تو اللہ نے اس کے اندر دودھ پیدا کر دیا، چناں چہ کئی روز تک آپ ابو طالب (کی چھاتی) سے دودھ پیتے رہے یہاں تک کہ ابو طالب کو حلیمہ سعدیہ مل گئیں تو آپ نے نبی ﷺ کو ان کے حوالے کر دیا۔(دیکھیں: کتاب (أصول الکافی) للکلینی، ۱/۴۴۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے زیادہ بہادر تھے، بلکہ آپ ﷺ کو سرے سے بہادری دی ہی نہیں گئی تھی۔(دیکھیں: کتاب (الأنوار النعمانیۃ) لنعمۃ اللہ جزائری، ۱/۱۷)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

نبی ﷺ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک کہ وہ فاطمہ کا رخسار یا سینہ کا بوسہ نہیں دے لیتے تھے۔(دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی ۴۳/۴۲)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

نبی ﷺ کی بیٹیوں میں سے صرف فاطمہ رضی اللہ عنہا (حقیقی) بیٹی تھیں، اور رقیہ، ام کلثوم اور زینب یہ آپ ﷺ کی ربائب (پرورش کردہ بیٹی) تھیں۔(دیکھیں: دائرۃ المعارف الإسلامیۃ الشیعیۃ) ج۱/۲۷

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(حسن بن علی رضی اللہ عنہ مومنوں کو ذلیل کرنے والے تھے کیونکہ انہوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے بیعت کر لی تھی۔(دیکھیں: کتاب (رجال الکشي) ص ۱۰۳

: شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ (661-728ھ) شیعہ کے بارے میں فرماتے ہیں

. بل منهم من ينكر أن تكون زينب، ورقية، وأم كلثوم، من بنات النبي صلى الله عليه وسلم، ويقولون: إنهن لخديجة، من زوجها الذي كان كافرا، قبل النبي صلى الله عليه وسلم

"ان میں سے بعض تو ایسے بھی ہیں جو سیدہ زینب، سیدہ رقیہ اور سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہن کے بنات رسول ہونے کے منکر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ تینوں سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اس کافر خاوند سے پیدا ہونے والی بیٹیاں ہیں جس سے انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں آنے سے پہلے نکاح کیا تھا۔"[منهاج السنة النبوية في نقض كلام الشيعة والقدرية: 4/493]

: ایک مقام پر فرماتے ہیں ◈

ومنهم من يقول: إن رقية، وأم كلثوم، زوجتي عثمان، ليستا بنتي النبي صلى الله عليه وسلم، ولكن هما بنتا خديجة من غيره، ولهم في المكابرات وجحد المعلومات بالضرورة أعظم مما لأولئك النواصب الذين قتلوا الحسين، وهذا مما يبين أنهم أكذب وأظلم وأجهل من قتلة الحسين.

"بعض شیعہ کہتے ہیں کہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی دونوں بیویاں، سیدہ رقیہ اور سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں نہیں، بلکہ وہ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی پہلے خاوند سے ہونے والی بیٹیاں ہیں۔ سینہ زوری اور مسلمات کا انکار کرنے میں شیعہ لوگ ان ناصبیوں سے بھی چار ہاتھ آگے ہیں جنہوں نے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ لوگ قاتلین حسین سے بڑھ کر جھوٹے، ظالم اور جاہل ہیں۔"[منهاج السنة النبوية: 4/368]

: آیئے اب اس بارے میں شیعہ کے اہل علم کے اقوال ملاحظہ فرمائیں

: مشہور شیعہ ابو القاسم علی بن احمد بن موسیٰ کوفی (م: 352ھ) نے لکھا ہے ①

وصح لنا فيما رواه مشايخنا من أهل العلم عن الأئمة من أهل البيت عليهم السلام، وذلك أن الرواية صحت عندنا عنهم أنه كانت لخديجة بنت خويلد من أمها أخت، يقال لها هالة، قد تزوجها رجل من بني مخزوم، فولدت بنتا اسمها هالة، ثم خلف عليها بعد أبي هالة رجل من تميم، يقال له أبو هند، فأولدها ابنا، كان يسمى هند ابن أبي هند، وابنتين، فكانتا هاتان الابنتان منسوبتين إلى رسول الله (ص)، زينب ورقية

"ان دونوں (رقیہ اور زینب) کے بارے میں ہم اپنے اہل علم اور ائمہ اہل بیت کی اس روایت کو درست مانتے ہیں کہ ماں کی طرف سے ایک بہن تھی جس کا نام ہالہ تھا۔ اس کی شادی بنو مخزوم کے ایک شخص سے ہوئی۔ اس سے ایک لڑکی پیدا ہوئی، اس کا نام بھی ہالہ ہی رکھا گیا۔ ابو ہالہ کی وفات کے بعد خدیجہ کی بہن سے بنو تمیم کے ایک شخص ابو ہند نے شادی کر لی۔ اس سے ایک لڑکا ہند بن ابو ہند اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ یہی دو لڑکیاں زینب اور رقیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہوئیں۔۔۔"[الاستغاثة في بدع الثلاثة: 1/68]

: مشہور شیعہ ابن شہر آشوب (م: 588ھ) نے لکھا ہے ②

. يؤكد ذلك ما ذكر في كتابي الأنوار والبدع أن رقية وزينب كانتا ابنتي هالة أخت خديجة

"اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے جو الانوار اور البدرع نامی کتابوں میں مذکور ہے کہ رقیہ اور زینب، خدیجہ کی بہن ہالہ کی بیٹیاں ہیں۔"[مناقب آل أبي طالب: 1/159]

: مشہور شیعہ ملا احمد بن محمد المعروف بہ مقدس اردبیلی (م: 993ھ) نے لکھا ہے ③

قيل: هما رقية وزينب كانتا ابنتي هالة أخت خديجة، ولما مات أبوهما ربيتا في حجر رسول الله صلى الله عليه وسلم، كما كانت عادة العرب في نسبة المربي إلى المربي، وهما اللتان تزوجهما عثمان بعد موت زوجيهما.

"کہا جاتا ہے کہ رقیہ اور زینب دونوں خدیجہ کی بہن ہالہ کی بیٹیاں تھیں۔ جب ان کا والد فوت ہو گیا تو ان دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں پرورش پائی۔ یوں ان کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو گئی، جیسا کہ عربوں کی عادت تھی کہ پرورش کرنے والے کی طرف نسبت کر دیتے تھے۔ ان دونوں کے خاوند فوت ہونے کے بعد

[ان سے عثمان نے شادی کرلی تھی۔"[حاشیہ زبدۃ البیان فی أحکام القرآن، ص:575

: مشہور شیعہ محمد مہدی بن صالح موسوی (م:1348ھ) نے لکھا ہے ④

.مازعمہ (أي ابن تیمیۃ) من أن تزویج بنتیہ لعثمان فضیلۃ لہ، من عجائبہ من حیث ثبوت المنازعۃ أنھما بنتاہ

ان تیمیہ نے جو کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیوں سے شادی، عثمان کے لیے فضیلت کا باعث ہے، عجیب بات ہے، کیونکہ ان دونوں کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ [وسلم کی بیٹیاں ہونے میں اختلاف ثابت ہے۔"[منھاج الشریعۃ فی الرد علی ابن تیمیۃ:2/289

: مزید کہتا ہے ◇

.قد عرفت عدم ثبوت أنھما بنتا خیر الرسل صلی اللہ علیہ وسلم، وعدم وجود فضل لھما، تستحقان بہ الشرف والقدم علی غیرھا

آپ یہ بات بخوبی جان چکے ہیں کہ ان دونوں کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں ہونا ثابت نہیں، نہ ان کے لیے کوئی فضیلت موجود ہے جس کی وجہ سے وہ دوسروں پر شرف" [وفضل کی مستحق ہوں۔"[منھاج الشریعۃ:2/291

: پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری بیٹیوں کے بارے میں یہ تو تھا شیعہ کا موقف، اب ملاحظہ فرمائیں ؟

بنات رسول ﷺ کے بارے میں اہل سنت کا موقف

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کے بارے میں اہل سنت کا موقف یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ ان کے نام بالترتیب سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہن ہیں۔

【ابو سعید سلفی】

شیعہ اثنا عشریہ کا امہات المومنین سیدہ عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما کو کافر قرار دینا:

: ☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ

بے شک نبی ﷺ کی بیوی نوح اور لوط علیہما السلام کی بیوی کی طرح کافر ہو سکتی ہے۔

اور ان کے نزدیک نبی ﷺ کی بیوی سے مراد ام المومنین عائشہ ہیں اللہ ان سے اور ان کے باپ سے راضی ہو۔ (دیکھیں: کتاب (حدیث الأفک) لجعفر مرتضی، ص۱۷)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

عائشہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کی وفات کے بعد مرتد ہو گئیں تھیں جس طرح کہ بہت سارے صحابہ مرتد ہو گئے تھے۔ (الشھاب الثاقب في بیان معنی الناصب) لیوسف بحرانی، ص۲۳۶)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

عائشہ رضی اللہ عنہا نے خیانت و دھوکہ سے چالیس دینار جمع کیا تھا، اور اسے علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والوں میں تقسیم کر دیا تھا!! (دیکھیں: کتاب (مشارق أنوار الیقین) لرجب البرسي، ص۸۶)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔ نعوذ باللہ۔ زنا کا صدور ہوا تھا، چناں چہ اللہ کے اس قول: ﴿أُولَـٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ﴾ [النور:۲۶] "ایسے پاک لوگوں کے متعلق جو کچھ بکواس (بہتان بازی) کر رہے ہیں وہ ان سے بالکل بری ہیں،" کے بارے میں کہتے ہیں کہ: اس آیت میں نبی ﷺ کی زنا سے تنزیہہ (پاک قرار دینا) ہے نہ کہ ان کی تنزیہہ مقصود ہے (اور اس سے ان کا مقصود عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں)۔ (دیکھیں: کتاب (الصراط المستقیم) لزین الدین النباطي البیاضي ۳/۱۶۵)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

حفصہ رضی اللہ عنہا نے اپنے قول: ﴿مَنْ أَنبَأَكَ هَـٰذَا﴾ [التحریم:۳] "تو وہ کہنے لگی اس کی خبر آپ کو کس نے دی۔" میں کفر کیا، اور اللہ نے ان کے اور عائشہ رضی اللہ عنہما کے بارے میں فرمایا: ﴿إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّـهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا﴾ [التحریم:۴] "(اے نبی کی دونوں بیویو!) اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کر لو (تو بہت بہتر ہے) یقیناً تمہارے دل

جھک پڑے ہیں" صاغت یعنی زاغت، اور زیغ کفر کو کہتے ہیں۔ اور عائشہ اور حفصہ دونوں نبی ﷺ کو زہر پلانے پر متفق تھیں، پس جب اللہ نے دونوں کے اس فعل سے آپ کو باخبر کر دیا جس میں آپ کے قتل کا ارادہ کیا گیا تھا تو ان دونوں نے جھٹ سے قسم کھالیا کہ انہوں نے ایسا نہیں کیا ہے تو اللہ نے اپنے اس قول کو نازل فرمایا:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ﴾[التحریم:۷]"اے کافرو! آج تم عذر و بہانہ مت کرو"۔ (دیکھیں: کتاب (الصراط المستقيم) لزين الدين النباطي البياضي، ۱۶۸/۳

【شیخ عبد اللہ بن محمد سلفی۔ حفظہ اللہ / من هم الشيعة الإثنا عشرية】

جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں کو غیر تائب یا غیر محسنہ سمجھے لاریب خسر الدنیا والآخرۃ ہو گا۔ اگر ان بیبیوں نے سچے دل سے اللہ اور رسول دار آخرت کو اختیار نہ کیا ہو تا یا کسی فاحشہ مبینہ کی معاذ اللہ حضرت کی زندگی میں مرتکب ہوئی ہو تیں تو ضرور اللہ تعالیٰ ان کے حال کی خبر اپنے رسول کو دیتا اور ان بیبیوں کو اپنے رسول کی صحبت سے جدا کر دیتا چنانچہ الفاظ قرآن جو کچھ سورت احزاب میں ہیں صاف صاف اس امر پر دال ہیں جو ادنیٰ تامل سے ہر ذی فہم پر ظاہر ہے تو جب تک قرآن سے یا حدیث صحیح سے اگرچہ شیعوں کے یہاں حدیث صحیح سے یہ ثابت نہ ہو کہ ازواج مطہرات رضوان اللہ عنھن اجمعین نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کسی بی بی نے بعد آیت کریمہ:

قُل لِّأَزْوَاجِكَ معاذ اللہ کسی فاحشہ مبینہ کا ارتکاب کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زوجیت سے اس کو نکال دیا یعنی طلاق دے دی اس وقت تک خیالات باطلہ ایسی مقدس بیبیوں کی نسبت ظاہر کرنا سخت جہالت ہے۔

افسوس ہزار افسوس کہ خیالات باطلہ اور توہمات رکیکہ سے ابرار کی اگر طرف برائیوں کا انتساب کیا جائے ہائے اتنا بھی پیغمبر کا لحاظ نہیں کہ پیغمبر کی بیبیوں کی شان میں یہ تہمت تراشیاں اور اپنے حقیقی عیوب کا تذکرہ اگر کسی سے سنیں تو اس کی جان کے دشمن ہو جائیں نعوذ باللہ من الجهل والحمق والكفر الزام ثانی بھی دو وجہ سے مدفوع ہے۔

【فتاویٰ علمائے حدیث / جلد:۴】

شیعہ اثنا عشریہ کا سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے غلو کرنا

☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ:

اللہ تعالیٰ نے شب معراج میں رسول ﷺ سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی آواز اور زبان میں گفتگو فرمایا تھا۔

دیکھیں: کتاب (كشف اليقين في فضائل أمير المؤمنين) لحسن بن يوسف بن مطهّر الحلي، ص۲۲۹)۔)

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

بے شک اللہ تعالیٰ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے طائف میں سرگوشی فرمائی اور ان کے درمیان جبرئیل علیہ السلام تھے۔

(دیکھیں: کتاب (بصائر الدرجات) للصفّار، ۲۳۰/۸)

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ جنت و جہنم کے تقسیم کار ہوں گے، اہل جنّت کو جنت میں داخل کریں گے، اور اہل جہنم کو جہنم میں داخل کریں گے۔

(دیکھیں: کتاب (بصائر الدرجات) للصفّار، ۲۳۵/۸)

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

اللہ اس شخص کو جنت میں داخل کرے گا جو علی کا اطاعت گزار ہو گا گرچہ وہ رب کا نافرمان ہو، اور اللہ اسے جہنم میں داخل کرے گا جو علی کا نافرمان ہو گا گرچہ وہ رب کا اطاعت گزار ہو۔

(دیکھیں: کتاب (كشف اليقين في فضائل أمير المومنين) لحسن بن يوسف بن مطهّر الحلی، ص۸)

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ انبیاء کے راز دار ہیں، اور اللہ نے فرمایا: اے محمد! میں نے علی کو انبیاء کے ساتھ باطن طور پر بھیجا ہوں اور تمہارے ساتھ ظاہر میں بھیجا ہوں۔

(دیکھیں: کتاب (الأسرار العلوية) لمحمد مسعودی، ص۱۸۱)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی رضی اللہ عنہ محمد ﷺ کے لئے ایک نشانی تھے، اور محمد ﷺ علی رضی اللہ عنہ کی ولایت کی طرف بلاتے تھے۔

(دیکھیں: کتاب (بصائر الدرجات) لمحمد الصفّار، ص ۹۱)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(اللہ تعالیٰ نے جتنے بھی نبی بھیجے سب نے ولایت علی کی طرف خوشی سے یا ناخوشی سے دعوت دیا۔ (دیکھیں: کتاب (الأسرار العلویۃ) لمحمد مسعود، ص ۱۹۰

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

دین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی ولایت کے بغیر نامکمل ہے۔

دیکھیں: کتاب (الاحتجاج) للطبرسی، ۱/۵۷)۔)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

رسول ﷺ نے فرمایا: خبردار! میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا: اے محمد، تمہارا رب تمہیں علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے اور ان کی ولایت کا حکم دیتا ہے۔

(دیکھیں: کتاب (بصائر الدرجات) لمحمد الصفّار، ص ۹۲)

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

(دیکھیں: کتاب (علل الشرائع) لابن بابویہ القمی، ص ۲۰۵)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک گرج و کڑک (بجلی و بادل کی آواز) تمہارے ساتھی کے حکم سے ہوتا ہے، لوگوں نے کہا کہ: ہمارا ساتھی کون ہے؟ فرمایا: امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں۔

(دیکھیں: کتاب (الاختصاص) للمفید، ص ۳۲۷)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ مردہ کو زندہ کرتے ہیں، اور بے چین لوگوں کی بے چینی کو دور کرتے ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (عیون المعجزات) لحسن عبد الوہاب ص ۱۵۰، ورسالہ ((حلال المشاکل) وقصۃ عبد اللہ الحطّاب الخرافیۃ

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی اجازت و پرمٹ کے بغیر کوئی بھی شخص جنت میں نہ داخل ہو سکے گا۔ (دیکھیں: کتاب (مناقب امیر المومنین) لعلي بن المغازلي، ص ۹۳

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی رضی اللہ عنہ کی مخالفت کرنے والا کافر ہے، اور ان پر دوسروں کو ترجیح دینے والا مرتد ہے

(دیکھیں: کتاب (بشارۃ المصطفیٰ لشیعۃ المرتضیٰ)، ۲/۷۹)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے علی رضی اللہ عنہ پر فخر کرتا ہے

(دیکھیں: کتاب (بشارۃ المصطفیٰ لشیعۃ المرتضیٰ)، ۱/۶۶)

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

انبیاء ورسل علی رضی اللہ عنہ کی ولایت کا اعتراف کرنے کے لئے بھیجے گئے تھے۔

(دیکھیں: شیعہ اثناعشریہ کے شیخ ہاشم بحرانی کی کتاب (المعالم الزلفی)، ص ۳۰۳ کو)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے فضا کی طرف اشارہ کیا، چناں چہ بادل متوجّہ ہو کر بلند ہوا، اور پھر علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو سلام کیا، پھر انہوں نے عمار سے کہا: (ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ اور کہو :

﴿بِسۡمِ اللَّـهِ مَجۡرٜاهَا وَمُرۡسَاهَا﴾

،"الھود:۴۱]، "اللہ ہی کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے]

چناں چہ عمار سوار ہوئے اور وہ دونوں ہماری نظروں سے اوجھل ہو گئے

(دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی)

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

ایک کتّے نے عربی نخوت اور خودداری وغیرت کی وجہ سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے انتقام میں دو صحابہ کو دانت سے کاٹ لیا۔ اور ایک گدھے نے یہ گواہی دی کہ علی رضی اللہ عنہ اللہ کے ولی ہیں، اور اس کے رسول ﷺ کے وصی ہیں۔

دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۴۱/۷، ۲۴۴، و ۱۷/۳۰۶)۔

【شیخ عبد اللہ بن محمد سلفی۔ حفظہ اللہ / من ھم الشیعة الإثناعشریة】

رافضیت اور ولایت علی رضی اللہ عنہ

شیعہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں غلو کرتے ہیں کہ آپ خلیفہ بلافصل ہیں، اس لیے انہوں نے کلمہ طیبہ میں اضافہ کی جسارت کی ہے۔ ان کا کلمہ ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، علی ولی اللہ۔

: علی ولی اللہ" سے ان کی مراد ولایت علی ہے۔ اور ولایت علی سے مراد ان کا "خلیفہ بلافصل" ہونا ہے۔ یہ بے ثبوت اور بے حقیقت نظریہ، سراسر غلو پر مبنی ہے۔ لکھا ہے"

. وَلَايَةُ عَلِيٍّ علیه السلام مَكْتُوبَةٌ فِي جَمِيعِ صُحُفِ الْ-أَنْبِيَاءِ، وَلَنْ يَبْعَثَ اللهُ رَسُولًا إِلَّا بِنُبُوَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَوَصِيَّةِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

"کی وصیت دے کر بھیجا۔ u علیؓ کی ولایت سابقہ تمام انبیاء کے صحیفوں میں مندرج تھی اور اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور علی"

(أصول الکافي للکلیني: ۱/۴۳۷)

: یہ کیسا دعوی ہے، جسے اللہ تعالیٰ نے عقل، دین اور ذرہ برابر حیا سے نوازا ہے، وہ ایسی بات کرنے سے "عاجز و قاصر" ہے۔ یہ تو یہاں تک کہتے ہیں

(ولایت علی کے منکر تھے، تب مچھلی کے میں پیٹ میں رہے۔ اقرار کرنے پر خلاصی ملی۔ (بحار الأنوار للمجلسي: ۲۶/۳۳۳ u سیدنا یونس

یہ لوگ بیسیوں آیات میں تحریف معنوی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ کہتے ہیں کہ قرآن مجید میں جہاں بھی شرک سے روکا گیا، وہاں علی رضی اللہ عنہ کی ولایت میں شریک ٹھہرانے سے روکا گیا ہے، جہاں کفر و انکار کی بات وہاں ولایت علی سے انکار مراد ہے۔ شاید اسی بنیاد پر انہوں نے عقیدہ تحریف قرآن گھڑ لیا ہے کہ قرآن مجید میں ولایت علی کا ذکر تھا، جو نکال دیا گیا۔

اس باب میں انہوں نے بے شمار حدیثیں بھی گھڑی ہیں، صحیح حدیث 'من کنت مولاہ فعلي مولاہ' میں مولا کا معنی "والی" کرتے ہیں، جو کسی بھی صورت میں درست نہیں۔ امام بیہقی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

وَأَمَّا حَدِيثُ الْمُوَالَاةِ فَلَيْسَ فِيهِ۔ إِنْ صَحَّ إِسْنَادُهُ۔ نَصٌّ عَلَى وَلَايَةِ عَلِيٍّ بَعْدَهُ۔۔۔۔۔۔ فَأَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَذْكُرَ اخْتِصَاصَهُ بِهِ وَمَحَبَّتَهُ إِيَّاهُ وَيَحُثُّهُمْ بِذَالِكَ عَلَى مَحَبَّتِهِ وَمُوَالَاتِهِ وَتَرْكِ مُعَادَاتِهِ فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهُ، فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ، وَفِي بَعْضِ الرِّوَايَاتِ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ. وَالْمُرَادُ بِهِ وَلَاءُ الْإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ، وَعَلَى

المُسلِمِین اَنْ یوالِی بَعضُھُم بَعضًا وَلایُعادِي بَعضُھُم بَعضًا وھُوَ فِي معنٰی مَاثبَت عَن عَلِيّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَنَّہٗ، قَال: وَالَّذِي فَلَقَ الحَبَّۃَ وبَرَأَ النَّسمَۃَ اِنَّہٗ لَعَھدُ النَّبِيِّ الاُمِّيِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اِلَيَّ اَنَّہٗ، لَایُحِبُّنِي اِلَّا مُؤمِنٌ وَلَایُبغِضُنِي اِلَّا مُنَافِقٌ .

حدیث موالاۃ، اگر صحیح ہے، تو اس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بلافصل ہونے پر کوئی نص نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ" اپنی خصوصیت ومحبت کا ذکر کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو ان سے محبت وموالات کرنے کا اور ان سے عداوت کو ترک کرنے پر ترغیب دے رہے ہیں۔ یہاں مراد اسلام کا تعلق اور اسلام کی محبت ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"جس کا میں دوست ہوں، اس کے علی دوست ہیں۔" دوسری روایت میں ہے:"جس کا میں دوست ہوں اس کے علی دوست ہیں۔ اللہ! جو علی سے محبت کرے، تو بھی اس سے محبت کر اور جو علی سے بغض وعداوت رکھے، تو بھی اس سے عداوت رکھ۔" لازم ہے کہ مسلمان ایک دوسرے سے محبت رکھیں، دشمنی نہ رکھیں۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی بیان کردہ حدیث میں یہی معنی بیان ہوا ہے:"اس ذات کی قسم، جس نے دانے کو پھاڑا اور جان پیدا کی! مجھے رسول اللہ "صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وعدہ دیا تھا کہ مجھ سے کوئی مومن ہی محبت کرے گا اور مجھ سے عداوت کوئی منافق ہی رکھے گا۔

(الإعتقاد، ص ۳۵۴)

【 فضیلۃ الشیخ غلام مصطفی ظہیر امن پوری حفظہ اللہ】

شیعہ اثنا عشریہ کا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شان میں غلو کرنا:

☆شیعہ فاطمہ، حسن، حسین اور اولاد حسن کو چھوڑ کر بقیہ اولاد حسین کی عصمت کے قائل ہیں (دیکھیں: کتاب (عقائد الإمامیۃ) لمحمد رضا مظفر، ص۸۹و۹۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

اگر علی نہ ہوتے تو محمد ﷺ کی پیدائش نہ ہوتی، اور اگر فاطمہ نہ ہوتیں تو تم دونوں کو نہ پیدا کرتا۔ (دیکھیں: کتاب (الأسرار الفاطمیۃ) لمحمد مسعودی، ص۹۸)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

فاطمہ رضی اللہ عنہا الٰہی عظمت و قوت کا زندہ وجود ہیں جو عورت کی شکل میں نمودار ہوا

دیکھیں: کتاب (الأسرار الفاطمیۃ) لمحمد مسعودی، ص۳۵۵)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنی ماں سے گفتگو کرتی تھیں حالاں کہ وہ ان کی پیٹ میں تھیں۔

دیکھیں: کتاب (فاطمۃ الزھراء من المھد إلی اللحد) لمحمد قزوینی، ص۳۸)۔

ماخوذ از کتاب "من ھم الشیعۃ الاثناعشریۃ؟"، از: الشیخ/ عبد اللہ بن محمد السلفي حفظہ اللہ، مترجم: شفیق الرحمن ضیاء اللہ المدني، مراجعۃ: جمشید عالم عبد السلام السلفي، عزیز الرّحمن ضیاء اللہ السنابلي

شیعہ کے نزدیک انکے آئمہ بے پناہ اختیارات کے مالک ہیں

ان کے مزعومہ 12 امام مامور من اللہ، مفترض الطاعۃ اور بے پناہ اختیارات کے مالک ہیں۔ ✿

(ان کے 12 اماموں پر بندوں کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں۔ (اصول کافی: باب عرض الاعمال علی النبی والائمۃ ج1 ص 21 ✿

(ان کے اماموں کے پاس کے پاس انبیاء علیہم السلام کے معجزے بھی تھے۔ (اصول کافی: فی الباب ماعند الائمۃ من ایات الانبیاء۔ ج1 ص 231، 232 ✿

ان ائمہ کے پاس تورات، زبور اور انجیل کا مفصل علم بھی محفوظ ہے۔ ✿

(اصول کافی: باب ان الائمۃ عندھم جمیع الکتب التی نزلت من عند اللہ ج1 ص 225 تا 227)

ان ائمہ کو ہر جمعرات معراج کرائی جاتی ہے حتی کہ وہ عرش الٰہی کا طواف بھی کرتے ہیں۔ (اصول کافی ج1 ص 245) مزید تفصیل کے لئے اسی کتاب کے درج ذیل ابواب بھی پڑھئے:

باب أن الائمة علیهم السلام یعلمون جمیع العلوم التي خرجت إلى الملائكة والانبیاء والرسل علیهم السلام وباب أن الائمة علیهم السلام یعلمون متی یموتون، وانهم لایموتون الا باختیارهم وباب أن الأئمة یعلمون علم ماکان وأنه لایخفی علیهم شيء علیهم شيء وغیرها.

✿ مزید یہ کہ ان کے مزاعومہ 12 امام حضرات انبیاء علیہ السلام کی طرح معصوم عن الخطاء بلکہ انبیاء علیہ السلام سے بھی افضل ہیں، جیسا کہ ملا باقر مجلسی کی کتاب "حیات القلوب ج3" (میں لکھا ہے "امامت بالاتر از پیغمبر است" (ص10

✿ ان کے علم کلام کے مطابق ان کی مفروضہ اور محترم امامت منصب نبوت سے بڑھ کر ہے جو آگے چل کر ختم نبوت کی نفی پر منتج ہوتی ہے، گویا ان کے نزدیک ان کا ہر ایک نبی ہے۔

【 از: 【 فتاویٰ محمدیہ۔ ج1 ص95

شیعہ اثنا عشریہ کا اپنے اماموں کو نبیوں پر فوقیت دینا اور غلو کرنا

:☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ

✿ ملائکہ اثنا عشریہ انبیاء ورسل سے افضل ہیں۔

۔ملاحظہ فرمائیں: کتاب "الأنوار النعمانیة" لنعمة الله جزائری، 3/308

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ شیعہ کے ائمہ ماکان ومایکون (ازل سے ابد تک) کی بات جانتے ہیں، اور ان پر کوئی چیز مخفی نہیں ہے، اور وہ اپنی اختیار سے ہی موت پاتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب " أصول الكافي " للكليني، 1/260، 258

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ بے شک امام کے لئے مقام محمود، بلند درجہ اور ایسی تکوینی خلافت ہوتی ہے جس کی ولایت اور تسلط وسطوت کے لئے دنیا کے تمام ذرّے تابع ہوتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "تحریر الوسیلة" للخمینی، ص52

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ ائمہ اثنا عشریہ کے لئے خالق کے علاوہ تکوینی ولایت حاصل ہے، اور یہ ولایت اسی طرح ہے جس طرح مخلوق پر اللہ تعالیٰ کی ولایت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "مصباح الفقاهة" لابی القاسم خوئی، 5/33

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ ہمارے (یعنی ائمہ اثنا عشریہ) کے اللہ کے ساتھ ایسے حالات ہیں جہاں تک کسی مقرّب فرشتہ اور نبی مرسل کی پہنچ نہیں ہو سکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "تحریر الوسیلة" للخمینی، ص94

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ ائمہ اثنا عشریہ کو اپنی اجازت سے معاملات جاری کرنے اور شب قدر وغیرہ میں اسے تنفیذ کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے، اور اس امر کے ثبوت میں کوئی مانع نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "البرهان القاطع"، لمحمد تقی بہجت، ص14، یہ شرعی وعقدی سوالوں کے جوابات کا مجموعہ ہے جسے شیعہ اثنا عشریہ کے شیخ محمد تقی بہجت نے دیئے ہیں)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

✿ بے شک اوصیاء یعنی (ائمہ اثنا عشریہ) پہلوؤں میں اٹھائے جاتے ہیں، اور رانوں سے نکالے جاتے ہیں، اور انہیں کوئی نجاست نہیں لگتی۔

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "مدینة المعاجز" لہاشم بحرانی، 8/22

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

بے شک اللہ، اس کے فرشتے، اور انبیاء و مومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کرتے ہیں۔ ✿

ملاحظہ فرمائیں: کتاب "الفروع من الكافي" للكليني، 4/580

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

امام نبی کی طرح ہے، لہذا اس کے لئے ضروری ہے کہ طفولیت کی عمر سے لے کر موت تک عمداً یا سہواً تمام ظاہری و باطنی فواحشات ورزائل سے معصوم ہو، کیوں کہ ائمہ شریعت کے محافظ و نگران ہیں، اس سلسلے میں ان کی حالت نبی کی حالت کی طرح ہے۔ ✿

ملاحظہ فرمائیں: شیعہ اثنا عشریہ کے شیخ ابراھیم زنجانی کی کتاب "عقائد الإمامية"، 3/179

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ملائکہ کی پیدائش اہل بیت کی خدمت کرنے کے لئے ہوئی ہے۔ ✿

ملاحظہ فرمائیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، 26/335

☆شیعہ کہتے ہیں

اگر الہ ان "اماموں" کی ولایت پر راضی نہ ہو تو وہ اللہ تعالی نہیں ہو سکتا ✿

شیعہ کتاب: الاعلام الامعۃ فی شرح الجامعۃ / صفحہ 160

ماخوذ از کتاب "من هم الشيعة الاثنا عشرية؟"، از: الشیخ/ عبد الله بن محمد السلفي حفظه الله، مترجم: شفیق الرحمن ضياء الله المدني، مراجعة: جمشید عالم عبد السلام السلفي، عزیز الرّحمن ضیاء اللہ السنابلی 【 】

شیعہ اثنا عشریہ کا 3 صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ کے علاوہ بقیہ کو کافر قرار دینا

☆شیعہ اثنا عشریہ تین صحابہ کرام کو چھوڑ کر بقیہ تمام صحابہ کرام کو کافر و مرتد کہتے ہیں، اور ان میں سر فہرست ابو بکر، عمر، عثمان، خالد بن ولید، معاویہ بن ابی سفیان اور مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہم ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (الروضة من الكافي) للكليني، ۸/۲۵۴)۔

شیعہ اثنا عشریہ کا ابو بکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم سے بغض و عداوت رکھنا

☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ:

تبرّا کے سلسلے میں ہمارا (شیعہ اثنا عشریہ کا) عقیدہ یہ ہے کہ: ہم چار بتوں (ابو بکر، عمر، عثمان، معاویہ) اور چار عورتوں (عائشہ، حفصہ، ہند، امّ الحکم)، اور ان کے تمام متبوعین و پیروکاروں سے نفرت کا اظہار کرتے ہیں، اور (ہم یہ کہتے ہیں کہ) یہ لوگ روئے زمین پر سب سے بُرے لوگ ہیں، اور اللہ، اس کے رسول اور ائمہ پر ان کے دشمنوں سے تبرا بازی کئے بغیر ایمان مکمل نہیں ہو سکتا۔ (دیکھیں: کتاب (حق الیقین) للمجلسی، ص ۵۱۹)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کافر ہیں، اور ان دونوں سے محبّت کرنے والا بھی کافر ہے۔ (دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۶۹/۱۳۸، ۱۳۷)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ابو بکر و عمر ملعون ہیں، اور یہ دونوں اللہ عزوجل کے ساتھ کفر و شرک کر کے مرے۔ (دیکھیں: کتاب (بصائر الدرجات) للصفّار، ۸/۲۴۵)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

نبی ﷺ ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ غار (ثور) اس وجہ سے لے گئے کیوں کہ خدشہ تھا کہ کہیں وہ کفار کو آپ ﷺ کے بارے میں جانکاری نہ دیدیں۔ (دیکھیں: کتاب (تفسیر البرھان) لہاشم بحرانی، ۲/۱۲۷)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ابو بکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے حالاں کہ ان کی گردن میں بُت لٹکے ہوتے اور وہ ان کی سجدہ کر رہے ہوتے۔(دیکھیں: کتاب (الأنوار النعمانية) لنعمۃ اللہ جزائری، ۱/۵۳)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

عمر رضی اللہ عنہ کو ایک ایسی بیماری لاحق تھی کہ جسے آدمی کا پانی (منی) ہی شفا دے سکتا تھا، اور۔معاذ اللہ۔ان کی دادی زنا کی بیٹی تھیں۔(دیکھیں: کتاب (الأنوار النعمانية) لنعمۃ اللہ جزائری، ۱/۶۳، و کتاب (الصراط المستقیم) لزین الدین النباطی البیاضی، ۳/۲۸)۔

☆اسی طرح یوم نیروز کی تعظیم کے قائل ہیں، اور عمر رضی اللہ کے قتل کیے جانے والے دن کا جشن مناتے ہیں، اور ان کے قاتل کو باباشجاع الدین کا نام دیتے ہیں، اور عمر رضی اللہ عنہ کے قتل کرنے کی وجہ سے بطور جزا اس کی قبر کی زیارت پر لوگوں کو ابھارتے ہیں۔(دیکھیں: کتاب (عقد الدرر في بقر بطن عمر) لیاسین الصوّاف، ص ۱۲۰)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

قریش کے دو بت یعنی (ابو بکر و عمر) پر بددعا کرنا عظیم ترین نیکی اور طاعات میں سے ہے، اور انہیں لوگوں نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر جبت اور طاغوت کا اطلاق کیا ہے۔(دیکھیں: کتاب (إحقاق الحق) للمرعشی، ۱/۳۳۷)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

ان کے من گھڑت و جھوٹے مہدی ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کو زندہ کریں گے اور انہیں پھانسی دے کر جلائیں گے، پھر وہ امّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو زندہ کریں گے اور ان پر حد قائم کریں گے۔(دیکھیں: کتاب (الرجعۃ) لاحمد احسائی، ص ۱۱۶، ۱۶۱)۔

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

عثمان رضی اللہ عنہ زانی اور مخنّث (ہجڑے) تھے اور دف بجاتے تھے۔(دیکھیں: کتاب (الصراط المستقیم) لزین الدین النباطی البیاضی، ۳/۳۰)۔

【شیخ عبد اللہ بن محمد سلفی۔حفظہ اللہ / من ھم الشیعۃ الإثناعشریۃ】

صحابہ کو گالی دینا الشیخ ابن عثیمین اور الشیخ ابن باز رحمہ اللہ کی نظر میں

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ صحابہ کو گالی دینے کے بارے میں کہتے ہیں:

ہم پر واجب ہے کہ ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم أجمعین سے محبت، ان کا احترام کریں، ان کی عزتوں کا دفاع اور جو ان کے آپس میں لڑائی جھگڑے ہوئے ہیں ان کے بارے میں خاموش رہیں۔ جو ان کو گالی دے اس کو منافق سمجھیں کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گالی دینے کی جرأت وہی کرتا ہے جو نفاق میں لتھڑا ہوا ہو (العیاذ باللہ) ورنہ وہ کیسے صحابہ کو گالی دے سکتا ہے حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

خیر الناس قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم

بہترین لوگ میرے زمانے کے لوگ ہیں، پھر جو ان کے بعد آئیں گے، پھر جو ان کے بعد آئیں گے

اور اسی طرح فرمایا:

لاتسبوا أصحابي

میرے صحابہ کو گالی نہ دو۔

اور صحابہ رضی اللہ عنہم أجمعین کو گالی دینا در حقیقت صحابہ میں تو طعن ہے ہی، شریعت، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ کی حکمت میں بھی طعن ہے۔

صحابہ میں طعن ہونا تو بالکل واضح بات ہے۔

اور شریعت میں طعن اس طرح کہ ہمارے لیے شریعت کے ناقلین صحابہ کرام ہی تو ہیں، جب ناقل شریعت ہی مستحق سب وشتم قرار دے دیا جائے تو لوگوں کا اللہ کی شریعت سے بھی اعتماد اٹھ جائے گا۔ اور اسی لیے بعض لوگ تو (العیاذ باللہ) صحابہ کرام کو فاجر و فاسق اور کافر تک قرار دیتے ہیں اور گالی دیتے ہوئے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہم اجمعین جیسے اشرف صحابہ کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں طعن اس طرح ہے کہ آدمی اپنے دوست کے حال پر سمجھا جاتا ہے دونوں کی قدر و منزلت کا ایک دوسرے سے اندازہ ہوتا ہے چنانچہ لوگ جب کسی کو کسی فاسق شخص کا دوست پاتے ہیں تو ان کا اس سے بھی اعتبار اٹھ جاتا ہے۔

: اور مشہور حکایت بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ

المرء علی دین خلیلہ فلینظر أحدکم من یخالل

انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے لہذا ہر ایک کو دیکھ بھال کر دوست اختیار کرنا چاہیے۔

: ایک اور منظوم حکایت ہے

عن المرء لا تسئل وسل عن قرینہ فکل قرین بالمقارن یقتدي

آدمی کے بارے میں نہ پوچھ بلکہ اس کے ساتھی کے بارے میں پوچھ لے کیونکہ ہر دوست اپنے دوست کی ہی پیروی کرتا ہے۔

اور اللہ کی حکمت میں طعن یوں بنتا ہے کہ کیا اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ اشرف الخلق ہیں ان کی صحبت کے لیے ایسے فاجر و فاسق اور کافر لوگوں کا انتخاب کیا ہے (العیاذ باللہ)۔ اللہ کی قسم یہ حکمت نہیں ہو سکتی۔

: شیخ ابن باز رحمہ اللہ اسی سوال کے جواب میں فرماتے ہیں ✿

حمد و صلاۃ کے بعد، صحابہ کو گالی دینا کبیرہ گناہوں میں سے ہے بلکہ یہ ارتداد عن الاسلام ہے پس جو شخص ان کو گالی دے گا اور ان سے بغض رکھے گا وہ مرتد ہے، کیونکہ وہ ناقلین شریعت ہیں انہوں نے حدیث و سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم تک پہنچایا، وہ ناقلین وحی ہیں انہوں نے قرآن کریم ہم تک پہنچایا، جو شخص ان کو گالی دے یا ان سے بغض رکھے یا ان کے فسق کا عقیدہ رکھے وہ کافر ہے

(نسأل اللہ العافیۃ والسلامۃ)

شیعہ اثنا عشریہ کے منگھڑت (جھوٹ و خود ساختہ) مہدی اور قول رجعت

:☆شیعہ اثنا عشریہ اس بات کے قائل ہیں کہ

جبرئیل، میکائیل، کرسی، لوح محفوظ اور قلم سب ان کے مہدی کے تابع و مطیع ہیں، یہ اس لئے کہ ان کے مہدی سفّاح (خون ریز) ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (عقائد الإمامیۃ) لمحمد رضا مظفر، ص ۱۰۲)

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(شیعہ کے نام نہاد مہدی کا جسم اسرائیلی جسم ہے۔ (دیکھیں: کتاب (الإمام المھدي من الولادۃ إلی الظھور) لمحمد قزویني، ص ۵۳

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

شیعہ کے مہدی نیا حکم، نیا کتاب، نیا فیصلہ لے کر آئیں گے اور وہ عرب پر شدید ہوں گے، ان کا معاملہ صرف تلوار کا ہو گا، نہ وہ کسی کا توبہ قبول کریں گے اور نہ ہی اللہ کی راہ میں (کسی ملامت گر کی ملامت کو خاطر میں لائیں گے۔ (دیکھیں: کتاب (الغیبۃ) لمحمد نعمان، ص ۱۵۴

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(جب مہدی خروج کریں گے تو ان کے اور عرب و قریش کے درمیان معاملہ صرف تلوار کا ہو گا۔ (دیکھیں: کتاب (الغیبۃ) لمحمد نعمان، ص ۱۵۴

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

(ہمارے اور عربوں کے درمیان صرف ذبح کا معاملہ باقی رہ گیا ہے، اور پھر ہاتھ سے اپنے حلق کی طرف اشارہ کیا۔ (دیکھیں: کتاب (الغیبۃ) لمحمد نعمانی، ص ۱۵۵

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

ان کے مہدی مسجد حرام اور مسجد نبوی کو مسمار کریں گے، اور آل داؤد کے حکم کے مطابق فیصلہ کریں گے، اور اللہ سے اپنے عبرانی نام سے کلام کریں گے، بلکہ دو تہائی زمین کے

لوگوں کو قتل کریں گے۔(دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۵۲/۳۳۸،وکتاب (أصول الکافي)، ۱/۳۹۷، وکتاب (الغیبة) للنعماني، ص۳۲۶، وکتاب (الرّجعة) لاحمد احسائی، ص۵۱)

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ:

(جہاد اس وقت تک جائز نہیں جب تک ان کے نام نہاد مہدی اپنے سرداب (غار) سے باہر نہ آجائیں۔(دیکھیں: کتاب (وسائل الشیعة) للحر العاملی، ۱۱/۳۷

ماخوذ از کتاب "من هم الشيعة الاثناعشرية؟"، از: الشیخ/ عبد الله بن محمد السلفي حفظه الله، مترجم: شفيق الرحمن ضياء الله المدني، مراجعة: جمشيد عالم عبد السلام السلفي، عزيز الرّحمن ضياء الله السنابلي

شیعہ اثنا عشریہ کے نزدیک امام مہدی کا نام لینے والا کافر ہے

امامیہ شیعوں کے "امام غائب" کے بارے میں علامہ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

واما الرافضة الامامية فلهم قول رابع وهو: أن المهدي هو محمد بن الحسن العسكري المنتظر, من ولد الحسين بن علي لا من ولد الحسن, الحاضر في الأمصار، الغائب عن الأبصار، الذي يورث العصا، ويختم الفضا، دخل سرداب سامراء طفلاً صغيراً من أكثر من خمسمائة سنة، فلم تره بعد ذلك عين، ولم يحس فيه بخبر ولا أثر، وهم ينتظرونه كل يوم ويقفون بالخيل على باب السرداب، ويصيحون به أن يخرج إليهم، اخرج يا مولانا، اخرج يا مولانا! ثم يرجعون بالخيبة والحرمان، فهذا دأبهم ودأبه، ولقد أحسن من قال: ما آن للسرداب أن يلد الذي...

كلمتموه بجهلكم ما آنا؟ فعلى عقولكم العفاء فإنكم... ثلثتم العنقاء والغيلانا ولقد أصبح هؤلاء عاراً على بني آدم وضحكة يسخر منها كل عاقل .

امامی رافضیوں کی ایک چوتھی بات یہ ہے کہ امام مہدی کا نام محمد بن حسن عسکری ہے جس کا انتظار کیا جارہا ہے۔ وہ سیدنا حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی نسل سے ہے، سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی نسل سے نہیں۔ وہ آبادیوں میں موجود ہے لیکن آنکھوں سے غائب ہے۔ وہ دنیا پر اپنی حکومت قائم کرے گا۔ وہ چھوٹا سا بچہ تھا جب وہ سامراء کے مورچے میں داخل ہوا تھا۔ یہ پانچ سو سال (اور اب سے کوئی بارہ سو سال) پہلے کی بات ہے۔ اس کے بعد نہ کسی آنکھ نے اسے دیکھا ہے نہ اس کے بارے میں کوئی خبر ملی ہے نہ اس کا کوئی نشان ملا ہے۔ امامی شیعہ ہر روز مورچے کے دروازے پر کھڑے ہو کر اس کا انتظار کرتے ہیں اور اسے آوازیں لگاتے ہیں کہ اے ہمارے مولیٰ تو نکل، اے ہمارے مولا تو نکل۔ پھر وہ ناکامی و نامرادی کے ساتھ واپس لوٹ جاتے ہیں۔ یہ ان کی اور ان کے امام منتظر کی روداد ہے۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے :

ما آن للسرداب أن يلد الذي... كلمتموه بجهلكم ما آنا؟ فعلى عقولكم العفاء فإنكم... ثلثتم العنقاء والغيلانا

ابھی وقت نہیں آیا، ابھی وقت نہیں آیا کہ مورچے سے وہ شخص پیدا ہو جس سے تم اپنی جہالت کی بنا پر باتیں کرتے ہو۔ تمہاری عقلوں پر مٹی پڑ گئی ہے اور تم عنقاء اور غیلان (عربوں کے ہاں دو وہمی و خیالی چیزوں) کو تین کر رہے ہو۔) یہ لوگ بنی آدم کے لیے باعث عار اور ایسے بن گئے ہیں کہ کوئی عقل مند شخص ان کی بیوقوفی پر ہنسے بغیر نہیں رہ سکتا۔"[المنار المنیف لابن القیم:153]

تمام احادیث کے خلاف رافضیوں کا کہنا ہے کہ مہدی کا نام محمد بن حسن عسکری ہے۔ وہ اس کے نام کی پکار بھی کرتے ہیں اور کہتے ہیں: یاصاحب الزمان، الغوث الغوث، ادرکنی ادرکنی وغیرہ۔

یہ لوگ اس کا نام پکارنا جائز نہیں سمجھتے بلکہ المہدی، القائم، المنتظر، صاحب الزمان، صاحب الامر والحاجة والخاتم اور صاحب الدار کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اس کو نقمہ بھی کہا جاتا ہے۔[روضة الکافي للکلیني، ص:195]

ان کے نزدیک امام مہدی کا نام لینا جائز نہیں۔ ان کی معتبر کتابوں میں لکھا ہے :

ولا یحل ذکرہ باسمہ

[امام مہدی کا نام لے کر اس کا ذکر کرنا جائز نہیں۔"[اصول الکافي: 1/333، الارشاد، ص:394، اکمال الدین لابن بابویہ، ص:608 "

جو شیعہ مہدی کا نام لے لے وہ کافر ہو جاتا ہے، کہتے ہیں :

صاحب ھذا الامر، لایسمیہ باسمہ الا کافر

[صاحب ہذا الامر، اس کا نام کافر ہی لیتا ہے۔"[اصول الکافي: 1/333 "

[اگر کہیں مہدی کا نام لکھنا پڑے تو شیعہ اس کا نام حروف مقطعات کے ساتھ لکھتے ہیں، مثلاً م ح م د۔[اصول الكافي:339/1

: شیعہ اپنے مہدی کے بارے میں کہتے ہیں کہ 255ھ میں اس کی ولادت ہوئی اور 260ھ میں وہ غائب ہو گیا، کہتے ہیں

يشهد الموسم فيراهم، ولا يرونه

[مہدی حج کے لیے آتا ہے۔ وہ ان کو دیکھ رہا ہوتا ہے لیکن وہ اسے نہیں دیکھ پاتے۔"[اصول الكافي:337/1، 338، الغيبة للنعماني، ص:116 "

: مشہور شیعہ الفیض کاشانی (م:1091ھ) نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں لکھا ہے

لو قام قائمنا رد الحميراء عائشة حتى يجلدها الحد

[اگر ہمارا مہدئ منتظر آ گیا تو وہ حمیراء عائشہ کو قبر سے واپس نکال کر اس پر حد قائم کرے گا۔"[التفسير الصافي للفيض الكاشاني:359/3، نور اليقين للمجلسي: ص347 "

: شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ ان کے "امام زمان" کے بارے میں لکھتے ہیں

.... فليس فيهم احد يعرفه لا بعينه ولا صفته، لكن يقولون: ان هذا الشخص الذي لم يره احد، ولم يسمع به خبر، هو امام زمانهم، ومعلوم ان هذا ليس هو معرفة بالامام

ان میں سے کوئی بھی اسے پہچانتا نہیں، نہ اسے کسی نے دیکھا ہے نہ اس کی کوئی صفت کسی کو معلوم ہے بلکہ کہتے ہیں کہ وہ ایسا شخص ہے جسے کسی نے دیکھا نہیں نہ اس کی کوئی خبر "

[سنی ہے۔ وہ ان کا امام زمان ہے حالانکہ معلوم ہے کہ یہ امام کی پہچان نہیں ہے۔"[منهاج السنة النبوية لابن تيمية:114/1

: شیخ الاسلام رحمہ اللہ مزید فرماتے ہیں

ويقولون: انما كانوا على الحق لان فيهم الامام المعصوم، والمعصوم عند الرافضة الامامية الاثني عشرية هو الذي دخل الي سرداب سامراء بعد موت ابيه الحسن بن علي العسكري سنة ستين

. ومائتين، وهو الي الان غائب، لم يعرف له خبر، ولا وقع له احد علي عين ولا اثر

رافضی کہتے ہیں کہ وہ حق پر ہیں کیونکہ ان میں امام معصوم موجود ہے۔ رافضی امامی اثنا عشری شیعوں کے نزدیک معصوم وہ ہے جو اپنے والد کی وفات کے بعد 260ھ میں "

[سامراء کے مورچے میں داخل ہو گیا اور اب تک غائب ہے۔ اس کی کوئی خبر معلوم نہیں ہوئی نہ کسی کو اس کا کوئی نشان ملا ہے۔"[مجموع الفتاوي لابن تيمية:452/27

شیعہ اثنا عشریہ کا قبروں اور مزاروں کی عبادات کے بارے میں قبیح غلو

:☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ

حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت بیت اللہ الحرام سے زیادہ بہتر ہے، بلکہ حسین کے زائرین پاک لوگ ہیں، اور ان کے بارے میں شک و تردّد (توقّف) کرنے والے اولادِ زنا ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار للمجلسي)، ۹۸/۸۵)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کرنا دو ملیون (بیس لاکھ) حج، دو ملیون (بیس لاکھ) عمرہ اور دو ملیون (بیس لاکھ) غزوہ کے برابر ثواب ہے، اور ہر حج، عمرہ اور غزوہ کا ثواب رسول اللہ ﷺ اور ائمہ راشدین کے ساتھ حج، عمرہ اور غزوہ کے ثواب کی طرح ہے۔ (دیکھیں: کتاب (نور العينين في المشي إلى زيارة قبر الحسين) لمحمد الاصطهباناتي، ص۲۶۵)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

کربلا اسلام میں سب سے مقدّس جگہ ہے، نیز مکہ و مدینہ اور بیت المقدس سے زیادہ عظیم ہے۔ (دیکھیں: شیعوں کے شیخ عباس کاشانی کی کتاب (مصابيح الجنان)، ص۳۶۰)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک حسین رضی اللہ عنہ کی قبر کی مٹی کو کھانا ہر بیماری سے شفا ہے۔ (دیکھیں: شیعوں کے شیخ مفید کی کتاب (المزار)، ص۱۲۵)۔

:☆اسی طرح وہ۔ جھوٹے طور پر۔ کہتے ہیں کہ

ابو عبد اللہ (جعفر صادق) رحمہ اللہ کہتے ہیں: قسم اللہ کی! اگر میں تمہیں حسین اور ان کے قبر کی زیارت کی فضیلت بیان کر دوں، تو تم لوگ سرے سے حج ہی کرنا چھوڑ دو گے، تمہاری بربادی ہو، کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ کو حرم بنانے سے پہلے کربلا کو امن والا اور مبارک حرم بنایا تھا؟! (دیکھیں: شیعوں کے شیخ ابن قولویہ قمی کی

کتاب (کامل الزیارات)، ص۴۴۹)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک مقبروں میں نماز ادا کرنا مسجد میں نماز ادا کرنے سے زیادہ بہتر ہے، بلکہ کہا گیا ہے کہ: مسجد حرام میں نماز ادا کرنے کے بالمقابل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی مسجد میں نماز ادا کرنا اس سے دوگنا اجر کا باعث ہے۔(دیکھیں: شیعوں کے شیخ علی سیستانی کی کتاب (منہاج الصالحین)، ۱/۱۸۷)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

اسلام میں سب سے بڑی عید، عید الفطر اور عید الاَضحیٰ نہیں ہے، بلکہ عید غدیر ہے جو کہ بدعی (نئی ایجاد کردہ) ہے اور اسلام میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔(دیکھیں: شیعوں کے شیخ محمد شیرازی کا رسالہ (عید الغدیر)، ص۱۱)۔

شیعہ اثناعشریہ کی کفار سے دوستی، اور انکی خیانتوں اور بے وفائیوں کا بیان

:☆شیعہ اثناعشریہ کہتے ہیں کہ

اور اہل کوفہ پر ملامت وناگواری کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو طعن کا نشانہ بنایا، اور حسین کو دعوت دینے کے بعد قتل کرڈالا (دیکھیں: کتاب (تاریخ الکوفہ)، ص۱۱۳)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک حسین رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ ہمارے اور اس قوم کے درمیان فیصلہ کردے جنہوں نے ہماری مدد کے لئے ہمیں دعوت دی لیکن انہوں نے ہمیں قتل کرڈالا۔(دیکھیں: کتاب (منتھی الآمال)، ۱/۵۳۵)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں

حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان لوگوں (یعنی کوفہ کے شیعوں) نے ہمیں خوفزدہ کیا، اور یہ اہل کوفہ کی کتابیں (خطوط) ہیں، اور یہی میرے قاتل ہیں۔(دیکھیں: کتاب (مقتل الحسین) لعبد الرزاق المقرم، ص۱۷۵)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

علی بن حسین رحمہ اللہ نے اہل کوفہ کو روتے اور نوحہ کرتے دیکھ کر فرمایا: ہماری خاطر تم روتے اور نوحہ کرتے ہو! تو پھر وہ کون ہے جس نے ہم کو قتل کیا ہے؟؟ (دیکھیں: کتاب (نفس المھموم) لعباس قمی، ص۳۵۷)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

پھر حسین رضی اللہ عنہ سے اہل عراق کے بیس ہزار لوگوں نے بیعت کی جنہوں نے آپ کے ساتھ غداری کی، آپ کے خلاف خروج کیا جبکہ آپ کی بیعت ان کے گردنوں (میں لٹکی ہوئی) تھی، اور پھر انہوں نے آپ کو قتل کرڈالا۔(دیکھیں: کتاب (أعیان الشیعۃ) لمحسن امین، ۱/۳۲)۔

☆اسی طرح وہ اسلامی ممالک کے خلاف دشمنوں کی نصرت ومدد کو واجب کہتے ہیں، اور قبضہ گر جنگجوؤں سے عدم تعرّض کے قائل ہیں۔

دیکھیں: شیعوں کے بڑے مرجع سیستانی کے ۴/۳/۲۰۰۳ عیسوی کو جاری کردہ فتوی کو جس میں عراق پر حملہ کرنے والی امریکی فوجیوں سے جنگ نہ کرنے کی ہدایت کی گئی) ہے، اور شیعوں کے شیخ محمد مہری نے اس بات کی تاکید کی ہے کہ عراق میں جو شیعہ کے مراجع کی طرف سے فتوی صادر ہوتا ہے اور جس میں ان اجنبی فوجیوں کے خلاف وجوب جہاد کا مطالبہ کیا جاتا ہے جو عراق کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں وہ فتوی دلیل سے خالی ہے، اور یہ فتاوے محض تقیہ وخوف اور زندگی کی حفاظت کے طور پر ہیں، کیوں کہ یہ اکراہ واجبار کے تحت ہیں۔ اور اس کی تاکید شیعوں کے مرجع صادق شیرازی مقیم "قُم" کے فتوی سے ہوتی ہے جو عراقی نظام حکومت کے اسقاط کے لئے امریکہ کے ساتھ تعاون کو جائز سمجھتا ہے۔(دیکھیں: جریدہ الوطن، کویت، بروز جمعہ، ۲۷/۹/۲۰۰۲م)۔

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ

بے شک وہ مسلمان جو سرحدوں پر کفار سے لڑائی کرتے ہیں وہ دنیا وآخرت میں جنگجو ہیں، اور شہداء تو صرف شیعہ امامیہ ہیں گرچہ اپنی بستروں پر ہی وفات پائیں۔

دیکھیں: کتاب (تھذیب الأحکام) للطوسی، ۹۸/٦)۔)
【شیخ عبد اللہ بن محمد سلفی۔ حفظہ اللہ / من ھم الشیعۃ الإثنا عشریۃ】

شیعہ اثنا عشریہ کا مکہ ور مدینہ سے بغض وعداوت رکھنا

:☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ

(اہل مکہ اعلانیہ طور پر اللہ کا انکار وکفر کرتے تھے، اور اہل مدینہ اہل مکہ سے ستر گنا زیادہ خبیث تھے۔(دیکھیں: کتاب (أصول الکافی) للکلینی، ۴۱۰/۲

مکہ پر حوثی شیعوں کے حالیہ حملے پر الشیخ صالح بن فوزان کی مسلمانوں کی نصیحت

ہم اللہ تعالی کی حمد بیان کرتے ہیں کہ اس نے ان کے اس مکر کو مسجد الحرام سے پھیر دیا۔ ان کے خلاف ہم بد دعاء کرسکتے ہیں کیونکہ یہ عقوبت کے مستحق ہیں۔ اور یہ کوئی پہلے لوگ نہیں جنہوں نے یہ حرکت کی ہے۔ قرامطہ (شیعوں کے ایک فرقے) نے بیت اللہ کے ساتھ کیا کچھ کیا، اور ان سے بھی پہلے حبشہ کے بادشاہ (ابرہہ) نے جو کعبۃ اللہ کو منہدم کرنے کا بد ارادہ کیا تھا (اس کا کیا حشر ہوا)، چناچہ اللہ تعالی ایسے لوگوں کی گھات میں ہوتا ہے (اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیتا ہے)۔

۔۔۔یہ حبشہ کا بادشاہ کعبۃ اللہ کو منہدم کرنے کے لیے بہت بڑی ہاتھی بردار فوج لایا تھا لیکن اللہ تعالی نے اسے ایسا کرنے نہ دیا، پھر ان پر پرندوں کے ابابیل (یعنی جھنڈ کے جھنڈ) بھیج دیے جن میں سے ہر پرندے کے پاس تین تین کنکریاں تھیں، ایک چونچ میں ہوتی اور دو پنجوں میں، جب وہ ان کے بیچ پہنچتے تو وہ کنکریاں ان پر مار دیتے، اور وہ کنکریاں کافروں کے سر میں گھس کر آرپار ہوتی ہوئی اس کے دبر سے خارج ہوتیں، یہاں تک کہ اللہ تعالی نے انہیں اسی جگہ ہلاک کر کے رکھ دیا، ان میں سے کوئی بھی نہ بچا۔

:فرمان باری تعالی ہے

﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ، أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ، وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ، تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ﴾
(الفیل:1-5)

کیا تونے نہیں دیکھا کہ تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ کیا اس نے ان کی تدبیر کو بے کار نہیں کر دیا؟، اور ان پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیج دیے، جو ان پر کھنگر ((پکی ہوئی مٹی) کی کنکریاں پھینکتے تھے، تو اس نے انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح (چوراچورا) کر دیا

اسی طرح قرامطہ کو دیکھیں انہوں نے کیا کچھ نہیں کیا! حجاج کرام کا مسجد الحرام میں اور عرفہ میں بھی قتل عام کیا اور حجر اسود کو اٹھا کر اپنے خود ساختہ کعبہ میں لے گئی (یہ سن 317ھ بمطابق 908ع کا واقعہ ہے۔(کتب تاریخ

جسے وہ "۔۔۔" کا نام دیتے ہیں، انہوں اسے وہاں لے جاکر نصب کر دیا اور وہاں یہ بیس برس سے بھی زیادہ رہا، یہاں تک کہ اللہ تعالی نے اسے واپس کعبۃ اللہ پہنچا دیا۔ یہ اعمال رہے ہیں شیعہ روافض کے اللہ تعالی کے حرم کے ساتھ، اور آج تک یہی شیعہ ہیں جیسا کہ یہ حوثی لوگ یہ بھی شیعہ ہیں روافض ہیں، لہذا یہ اپنے آباء واجداد کی میراث پر ہی چل رہے ہیں، لیکن اللہ تعالی ہمیشہ سے ان کی گھات میں ہے۔

:موقع پر "الاخباریۃ" میڈیا کو جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں جس کا مختصر مفہوم ہے

یہ حوثی لوگ ابرہہ کی تاریخ کو دوہرانا چاہتے ہیں تو ان کا بھی انجام وہی ہوگا اور ہوا جو اس کا ہوا تھا، کہ الحمد للہ اللہ تعالی کی رحمت ونصرت سے ان کے مکر اور حملے کو بے کار ونا کام کر دیا گیا۔ یہ لوگ اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن اللہ تعالی خود ان کی اس قسم کی خبیث وناپاک حرکتوں کے ذریعے ان کی اصلیت آشکارا فرمادیتا ہے۔ اللہ تعالی نے اس بیت کو بیت العتیق کا بھی نام دیا ہے کیونکہ اللہ تعالی اس کو ایسے جابروں کے قبضے سے محفوظ رکھتا ہے جو اس کے ساتھ بد ارادہ رکھتے ہیں۔

مفتی مملکت الشیخ عبد العزیز آل الشیخ حفظہ اللہ فرماتے ہیں

:مفتی مملکت شیخ عبد العزیز آل الشیخ حفظہ اللہ "الاخباریۃ" سے گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں

اللہ تعالی اپنے گھر کا محافظ ہے۔ وہ ان حوثیوں کے مکر کو انہی پر پلٹا دے گا۔ ان کا بیت اللہ پر حملہ کرنے کی جسارت کرنا دلیل ہے ان کے بیت اللہ سے بغض کی، اور بیت اللہ سے بغض رب العالمین سے بغض کی دلیل ہے۔ مزید تاکید کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ ان حوثیوں کا بلیسٹک میزائل سے مکہ کو نشانہ بنانا ایسا قبیح فعل ہے جو نفاق، کفر وگمراہی کی

ہی پیداوار ہو سکتا ہے۔

:اپنی ویب سائٹ پر "عکاظ" سے بروز اتوار گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں

اس حملے کو ناکام بنادینا اللہ تعالی کی نعمت ہے، اور اللہ کی جانب سے اس حکیمانہ قیادت وحکومت کو توفیق دی گئی ہے کہ وہ اس وطن عزیز اور مقدس مقامات کی حفاظت کرتی ہے، اللہ تعالی ہر خیر کی انہیں توفیق دے۔ فضیلۃ الشیخ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پورے معاشرے اور عوام کو اس قسم کے سازشی عناصر اور دہشتگردوں کے خلاف ایک ہاتھ بن کر مقابلہ کرنا ہوگا۔

اسی طرح سے وطن میں مقیم بعض غیر ملکیوں کا ایسے وطن مخالف سیلز کو تقویت دینے میں کردار ادا کرنے کے بارے میں فرمایا کہ اس ملک میں تقریباً 10 ملین کے قریب غیر ملکی رہتے ہیں جنہیں یہاں سے عزت واکرام ہی ملتا ہے، ان کی جان ومال محفوظ ہوتے ہیں، اور ان پر کوئی ظلم وناانصافی نہیں ہوتی لہذا اس نعمت کی قدر کرنی چاہیے ناکہ اس قسم کی حرکتوں کے ذریعے ناشکری۔

شیخ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سوشل میڈیا کہ ذریعے بھی اس قسم کے عناصر کی خبر متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں تک پہنچانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، اور امت کی طرف سے ہم پر واجب ہے، تاکہ ہم ان کے ناپاک عزائم کو مل کر خاک میں ملا سکیں اور امت، قوم وملت کی حفاظت کرسکیں، ہمیں ایسوں سے نہیں ڈرنا چاہیے اور انٹرنیٹ کے ذریعے بھی ایسے عناصر کی خبر پہنچانی چاہیے۔

شیخ ربیع بن ہادی المدخلی حفظہ اللہ فرماتے ہیں

:شیخ ربیع بن ہادی المدخلی حفظہ اللہ فرماتے ہیں

.الحمد للہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ وصحبہ ومن اتبع ھداہ

اَما بعد: مسلمان اچھی طرح سے جانتے ہیں جو بڑی بڑی گمراہیاں روافض کے یہاں پائی جاتی ہیں جن کا شمار ہی نہیں۔

جن میں سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور مسلمانوں کی تکفیر کرنا، اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کے تعلق سے غلو کرنا (اللہ تعالی کے یہاں یہ اہل بیت ان روافض اور ان کے غلو سے بَری ہیں)۔

اور اس غلو میں سے ان کا اپنے آئمہ کے متعلق یہ کہنا بھی ہے کہ وہ علم غیب رکھتے ہیں اور کائنات کے ذرے ذرے میں تصرف کرتے ہیں! آخر روافض نے اس کائنات میں اللہ تعالی کے لیے کیا (اختیار) چھوڑا ہے؟! اور اس باب میں کتنی ہی ان کے پاس کفریات پائی جاتی ہیں!

اور ان کٹھن ایام میں جن میں روافض نے مسلم ممالک میں تباہ کن جنگیں چھیڑ رکھی ہیں جیسے یمن اور شام میں جس میں انہوں نے ان کے سینکڑوں ہزاروں لوگوں کے خون کو حلال کرلیا ہے، اور ان کی اولادوں کو بگاڑ رہے ہیں کہ انہیں رافضی بنارہے ہیں کہ جو ان کے کفریہ عقائد میں اور اہل اسلام کا خون بہانے میں شریک ہوں۔

ان وحشیانہ حرکتوں پر بھی بس نہیں، ان کے دلوں میں رچے بسے حسد ونفرت نے انہیں اب اس بات تک پر ابھار دیا کہ وہ بلیسٹک میزائل مکہ مکرمہ کی طرف پھینکیں، تاکہ اللہ تعالی کی حرمتوں کو پامال کریں جن پر ان کا ویسے ہی ایمان نہیں، نہ اس کی کوئی قدر وقیمت ہے ان کے یہاں۔

:انہی کے جیسے اعمال کرنے والوں کے متعلق اللہ تعالی کا فرمان ہے

(﴿وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ﴾ (الحج:25

(اور جو بھی اس (حرم) میں کسی قسم کے ظلم کے ساتھ کسی کج روی کا ارادہ کرے گا ہم اسے دردناک عذاب سے مزہ چکھائیں گے)

ان سے پہلے ان کے اسلاف قرامطہ بھی اس قسم کا الحاد وظلم کرچکے ہیں چناچہ انہوں نے سینکڑوں حجاج کا اللہ کے حرم میں اور اس کے بیت عتیق میں قتل عام کیا، اور حجر اسود تک کو اٹھا کرلے گئے اور اسے اپنے دارِ الحاد ہجر (الاحساء) میں واقع اپنے کعبے میں رکھ دیا۔

لہذا حوثی روافض کی جانب سے یہ عمل اسی کی تجدید وتجسیم ہے، جو ان کے اسلاف اور بڑوں یعنی قرامطہ کے سینوں میں چھپا دلی ارمان وخواب تھا۔

:حسین الموسوی اپنی کتاب "للہ ثم للتاریخ" ص 91-92 میں اپنی خمینی سے ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے

امام کے ساتھ خاص مجلس میں انہوں نے مجھ سے کہا: سید حسین اب وہ وقت آچکا ہے کہ ہم اپنے آئمہ (صلوات اللہ علیہم) کی وصیتوں کی تنفیذ کریں، ہم عنقریب ناصبیوں کا"

خون بہائیں گے، ان کے بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھیں گے، ان میں سے ہر گز بھی کسی کو نہ چھوڑیں گے کہ وہ سزا و عقاب سے بچ پائے، اور عنقریب ان کا سارا مال خالصتاً اہل بیت کے شیعہ کے لیے ہو گا، اور عنقریب ہم مکہ اور مدینہ کا وجود ہی روئے زمین سے مٹا دیں گے، کیونکہ یہ دونوں شہر اب وہابیوں کا گڑھ بن چکے ہیں، لازم ہے کہ اللہ تعالی کی مبارک و مقدس سرزمین کربلاء نماز میں لوگوں کا قبلہ ہو، اور اس طرح سے ہم اپنے آئمہ علیہم السلام کے خواب کی تعبیر کر سکتے ہیں، ہماری اپنی ریاست قائم ہو چکی ہے جس کے قیام کے لیے ہم نے کئی برس جد وجہد کی، اب سوائے تنفیذ کے اور کچھ بچا نہیں!!"

میں یہ کہتا ہوں: یہ بات کوئی بعید نہیں کہ حوثی اپنی اس بہت بڑی فتنہ انگیزی میں جو یمن میں مچا رکھی ہے اور جو مکہ اور مملکت عربیہ سعودیہ کی یہ مخالفت کرتے ہیں اسی خبیث مذہب کا شاخسانہ ہے جو خمینی رافضی اہل بیت کی طرف منسوب کرتا ہے (اللہ تعالی کے یہاں اہل بیت ان سے بری اور منزہ ہیں)، لہذا حوثیوں کی یہ کارروائیاں یہی اپنے باطنیہ خوابوں کو حقیقت کا روپ دینے کے سلسلے میں ہے کہ مکہ و مدینہ کو منہدم کر دیا جائے، اور کعبہ کی تحویل وثنی (شرک و بت پرستی کے مظہر) کربلاء کی طرف کر دی جائے جسے جھوٹ و فجور سے کام لیتے ہوئے خمینی مقدس کہہ رہا ہے، جبکہ اسی پل اس کے باطنیہ نفس نے یہ گوارا نہ کیا کہ وہ مقدس کا وصف مکہ اور مدینہ کے لیے استعمال کرے۔

اللہ تعالی ان زندیق روافض کی تمناؤں کو خاک میں ملا دے، اور بلاد حرمین کی ان کے جرائم سے حفاظت فرمائے، اور اسلام و مسلمانوں کی نصرت فرمائے، اور ان کی حکومت کو تہس نہس کر دے جیسے اس نے ان کے اسلاف قرامطہ اور باطنیہ کی ریاستوں کو تہس نہس فرمایا تھا۔ بے شک وہ دعاؤں کا سننے والا ہے۔

【مکہ مکرمہ پر حوثی شیعوں کے حالیہ حملے کے تعلق سے مسلمانوں کو نصیحت مختلف علماء کرام】

【مصدر: 【انٹرنیٹ سے آڈیو/ویڈیو کلپس و بیانات

【پیشکش: 【توحید خالص ڈاٹ کام

شیعہ اثنا عشریہ کا مصر و شام سے بغض و عداوت رکھنا

☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ:

مصر کے لوگ داؤد علیہ السلام کی زبانی لعنت کئے گئے، چناں چہ ان میں سے بندر اور سور بنادئے گئے

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←:

جب اللہ تعالیٰ بنو اسرائیل سے ناراض ہوا تو انہیں مصر میں داخل کر دیا، اور جب ان سے راضی ہوا تو اس سے باہر نکال دیا

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←:

ان کے معصوم امام ابو جعفرؒ نے فرمایا کہ: میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ کسی ایسی چیز کو کھاؤں جو مصر کی پکی ہوئی مٹی سے بنائی گئی ہو، اور میں مصر کی مٹی سے اپنا سر دھونے کو ناپسند کرتا ہوں اس خوف سے کہ کہیں اس کی مٹی وراثت میں مجھے ذلت نہ دیدے، اور میری غیرت کو ختم کر دے، مصر کو فتح کرو لیکن اس میں قیام کا مطالبہ نہ کرو، اور میرا گمان ہے کہ انہوں نے کہا: کہ وہ دیوثیت پیدا کر دے گی۔ (دیکھیں: کتاب (تفسیر القمي) للقمی، ۲/۲۴۱، وکتاب (تفسیر البرھان) لہاشم بحرانی، ۱/۴۵۶، وکتاب (فروع الکافي) للکلینی، ۶/۵۰۱، وکتاب (بحار الأنوار) للمجلسی، ۶۰/۲۱۱

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←:

شام کیا ہی بہتر زمین ہے، اور اس کے باشندے کتنے ہی برے ہیں، رومیوں نے کفر کیا لیکن ہم سے دشمنی نہیں کی، جبکہ شامیوں نے کفر کیا اور ہم سے دشمنی کی، اور یہ نہ کہو کہ اہل شام سے، بلکہ کہو اہل شئوم (منحوس ملک) سے۔ (دیکھیں: کتاب (تفسیر البرھان) لہاشم بحرانی، ۱/۴۵۶، وکتاب (أصول الکافي) للکلینی، ۲/۴۱۰، وکتاب (تفسیر القمي) للقمی، ۲/۲۴۱)

شیعہ اثنا عشریہ کے اصحاب عمائم کا خمس کھانا

☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ ←:

خُمس کا مال جو خاندان نبی ﷺ کے لئے مختص تھا اسے اصحاب عمائم اس حجّت کی بنا پر لیتے ہیں کہ وہ ان کے سرداب (غار) میں روپوش غائب امام کے قائم مقام ہیں۔ (دیکھیں: کتاب (وسائل الشیعۃ) للحر العاملی، ٦/٣٨٣)۔

شیعہ اثنا عشریہ کا رخسار پیٹنے اور کودنے واچھلنے کو عظیم ترین نیکی سمجھنا —

☆شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ ←:

عاشوراء کے موقع پر رخسار نوچنا، کودنا واچھلنا اور کالا لباس پہننا اور حسین رضی اللہ عنہ کا نوحہ وماتم کرنا عظیم ترین نیکیوں میں سے ہیں، بلکہ یہ افعال پسندیدہ اعمال میں سے ہیں۔ (دیکھیں: فتاوی محمد کاشف الغطاء، والروحانی، والتبریزی، وغیر ھم من مراجع الإمامیۃ)۔

متعہ کیا ہے

اس بات کو ان لوگوں نے جعفر صادق کی طرف منسوب کیا ہے، کہتے ہیں کہ آپ سے کسی نے پوچھا:

میں جب تنہائی میں اس عورت کے پاس جاؤں تو کیا کہوں؟ آپ نے کہا تو کہنا: میں تجھ سے کتاب اللہ اور نبی کی حدیث کے مطابق متعہ کرتا ہوں، نہ کوئی وراثت جاری ہوگی نہ "کوئی موروث ہوگا۔ اتنے درہم کے عوض یہ متعہ اتنے دنوں کے لیے ہے اور اگر چاہے تو یوں کہہ کر اتنے سالوں کے لیے ہے، تم دونوں قلیل یا کثیر، مال کی جس مقدار پر بھی راضی ہو جاؤ وہ بتادو کہ یہ معاوضہ ہوگا۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۵۵۔ 】

【شیعہ واہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

متعہ کیسے ہوتا ہے

کہتے ہیں۔ ان کے چھٹے امام معصوم۔ ابو عبداللہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جس نے بغیر گواہوں کے کسی عورت سے متعہ کر لیا تھا؟ آپ نے کہا، کیا ایسا عام طور پر نہیں ہوتا کہ ہماری لڑکیاں شادی کر لیتی ہیں اور ہم دستر خوان پر ہڈیاں چھوڑ رہے ہوتے ہیں اور پوچھتے ہیں، کیا فلاں مرد نے فلاں عورت سے شادی کر لی؟ اور وہ کہتا ہے: ہاں۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۵۵۔ 】

【شیعہ واہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

متعہ کس سے ہو سکتا ہے

جعفر صادق سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے کہا: "کوئی آدمی اگر کسی مجوسیہ (آتش پرست عورت) سے متعہ کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۶، "الاستبصار" ج ۳ ص ۱۴۴۔ 】

اسی طرح ابو الحسن رضا سے نقل کردہ روایت کے مطابق یہودیہ اور نصرانیہ سے متعہ کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

【کتاب شرائع الاسلام" جعفر بن حسن کی فقہ کی مشہور کتاب ہے، ص ۱۸۴۔ 】

【فاجرہ سے بھی متعہ کیا جاسکتا ہے، اس لیے کہ ان کے عقیدے کے مطابق "اس سے آدمی گناہوں سے بچتا ہے۔ 【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۳۔

سید خمینی نے صراحتاً لکھا ہے کہ "زانیہ سے بھی متعہ کیا جاسکتا ہے۔

【تحریر الوسیلہ" للخمینی ص ۲۹۲ مطبوعہ قم ایران۔ 】

【نیز "ابو الحسن سے زانیہ عورت کے ساتھ متعہ کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے اس کی اجازت دی۔ 【الاستبصار" ج ۳ ص ۱۴۴۔

اس کے بعد دو حیران کن روایتیں ہم آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں جس سے متعہ کی حقیقت کا پتہ چل سکے گا، ان روایتوں کو طوسی اور ان کے دوسرے محدثین نے بھی بیان کیا ہے۔

ایک روایت محمد بن راشد کے غلام فضل سے مروی ہے کہ "اس نے جعفر سے کہا میں نے ایک عورت سے متعہ کا نکاح کیا، میرے دل میں کھٹکا ہوا کہ اس کا کوئی اور شوہر (1) بھی ہے۔ میں نے تحقیق کی تو مجھے اس کا شوہر مل گیا۔ اس پر جعفر نے کہا، تو نے تحقیق کیوں کی؟

【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۳۔】

اس کے بعد کہا: "تیرے ذمے یہ ضروری نہیں، تجھ پر تو صرف یہ ہے کہ تو اس کو اس کی اجرت دیدے۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۶۲۔】

دوسری روایت کلینی نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے کہ آپ نے کہا، میں نے ابو عبد اللہ سے بیان کیا (2):

"میں کسی راستے میں تھا کہ میں نے ایک خوبصورت عورت دیکھی، کیا معلوم کہ وہ شوہر والی تھی یا زنا کار تھی؟"

"آپ نے کہا: یہ تحقیق کرنا تجھ پر ضروری نہیں، تجھ پر تو بس یہ ضروری ہے کہ تو اسے اس کے نفس کی قیمت دے دے۔

ایک دفعہ یہ سوال جعفر بن باقر سے پوچھا گیا تھا کہ "کیا ہاشمی عورت سے متعہ جائز ہے؟" اس پر آپ نے کہا تھا کہ "ہاشمی عورت سے متعہ کیا جاسکتا ہے۔

【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۷۲۔】

⇊⇊⇊: ایک دفعہ آپ نے تردید بھی کی ہے۔ سب شیعہ محدثین نے اس روایت کو نقل کیا ہے

عبد اللہ بن عمیر لیثی ابو جعفر کے پاس آئے اور آپ سے کہا: عورتوں سے متعہ کرنے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ نے کہا: خدا نے اسے اپنی کتاب میں اور اپنے نبی" کی زبان سے حلال قرار دیا ہے چنانچہ یہ قیامت تک حلال رہے گا، اس پر آپ نے کہا: اے ابو جعفر، آپ جیسا آدمی بھی یہ کہہ رہا ہے؟ حالانکہ عمر نے اس سے روکا اور اس کو "حرام قرار دیا ہے۔

آپ کہنے لگے: اگرچہ اس نے ایسا کیا ہے، وہ کہنے لگے میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں کہ تو اس چیز کو حلال کرے جسے عمر نے حرام کیا ہے، راوی کہتا ہے، آپ نے اس سے کہا: تو پھر تو اپنے ساتھی کی بات پر قائم رہ اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو تسلیم کروں گا۔ بات وہی معتبر ہوگی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہی ہے، تیرے ساتھی کی بات غلط ہے، راوی کہتا ہے، اس پر عبد اللہ بن عمیر آگے بڑھے اور کہنے لگے: کیا تو پسند کرے گا کہ تیری عورتوں، بیٹیوں، بہنوں اور چچازاد بہنوں کے ساتھ کوئی متعہ کرے؟ راوی کہتا ہے: جب اس نے آپ کی عورتوں اور چچا کی بیٹیوں کا ذکر کیا تو ابو جعفر نے آپ سے منہ پھیر لیا 【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۴۹ "تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۱ "الصافی" ج ۱ ص ۲۴۶۔】

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

چھوٹی بچی سے بھی متعہ کیا جاسکتا ہے

جب یہ پوچھا گیا کہ کیا آدمی بچی سے متعہ کر سکتا ہے؟ تو آپ نے کہا کہ ہاں، کر سکتا ہے مگر یہ کہ بچی اتنی چھوٹی نہ ہو جو دھوکا کھا جائے، راوی کہتا ہے، میں نے پوچھا، خدا آپ کی" اصلاح کرے، کیا حد ہے کہ جس حد تک پہنچ کر لڑکی دھوکہ نہیں کھا سکتی؟ آپ نے کہا: دس سال۔

【الاستبصار" للطوسی ج ۳ ص ۱۴۵ "تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۵ "الفروع من الکافی ج ۵ ص ۴۶۳ میں جعفر نے بھی یہی کہا ہے۔】

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

بغیر ولی کے

جعفر نے کہا ہے کہ اگر باکرہ لڑکی راضی ہو تو اس کا متعہ بغیر اس کے والدین کی مرضی کے بھی کر دینے میں کوئی حرج نہیں۔"

【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۴۔】

مشہور شیعہ فقیہ حلی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ "عاقلہ بالغہ خود اپنی مرضی سے اپنا متعہ کر سکتی ہے، کنواری ہو یا بیاہی، اس کے ولی کو اس پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں۔

【شرائع الاسلام "نجم الدین حلی متوفی ۶۷۶ھ ج ۲ ص ۱۸۶، مطبوعہ طہران ۱۳۷۷ھ۔】

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

کتنی عورتوں سے متعہ کیا جا سکتا ہے

بیان کرتے ہیں کہ ابو جعفر نے کہا ہے: "متعہ کے لیے چار عورتوں کی کوئی قید نہیں، کیونکہ متعہ میں نہ طلاق دی جاتی ہے نہ وارث بنا اور بنایا جاتا ہے۔ نہ تو میری وارث نہ میں تیرا، ایک مقرر اجرت کے عوض، میں اولاد نہیں چاہتا۔

【ابو عبد اللہ۔ تہذیب ج ۷ ص ۲۶۳۔】

متعہ میں تو عورت صرف اجرت پر حاصل کی جاتی ہے۔

【الاستبصار" ج ۳ ص ۱۴۷۔】

آپ کے بیٹے ابو عبد اللہ کے سامنے متعہ کا ذکر کیا گیا اور آپ سے پوچھا گیا کہ کیا یہ صرف چار ہی میں محدود ہے؟ آپ نے کہا: تو ایک ہزار عورتوں سے بھی متعہ کر سکتا ہے،" کیونکہ متعہ میں ان کی حیثیت اجرت پر حاصل کی گئی چیز کی سی ہے۔

【الاستبصار" ج ۳ ص ۱۴۷ "تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۵۹۔】

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

متعہ کی اجرت کیا ہو گی

بیان کرتے ہیں کہ "ابو جعفر سے متعہ کا مسئلہ پوچھا گیا، آپ نے کہا، حلال ہے۔ اور ایک درہم یا درہم سے زیادہ اجرت کافی ہے۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۵۷۔】

آپ کے بیٹے جعفر کہتے ہیں "مٹھی بھر گندم بھی اس کے لیے کافی ہے۔

【تہذیب الاحکام" ج ۷ ص ۲۶۰۔】

ایک جگہ کہا ہے کہ: "مٹھی بھر کھانا، آٹا، ستو یا کھجور بھی اجرت کے لیے کافی ہے۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۵۷۔】

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

متعہ کی مدت کیا ہو گی

: اپنے دسویں امام معصوم... ابو الحسن سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے پوچھا گیا

کم از کم متعہ کی اجرت کیا ہے؟ کیا کوئی آدمی ایک شرط کے ساتھ ایک دفعہ متعہ کر سکتا ہے؟ آپ نے کہا: ہاں، اور اپنے دادا ابو عبد اللہ سے روایت بیان کی کہ ایک (روایت میں" "عرد" کا لفظ آیا ہے، اس کے معنی ایک دفعہ جماع کرنا ہیں۔) دفعہ مجامعت کر سکتا ہے، اس کے بعد کہنے لگے: اس میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ جب فارغ ہو چکے تو اپنا منہ پھیر لے اور دوبارہ نہ دیکھے۔

【الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۶۰ "الاستبصار" ج ۳ ص ۱۵۱۔】

اسی طرح وہ آدمی متعدد مرتبہ مجامعت کر سکتا ہے، چنانچہ روایت بیان کرتے ہیں کہ "جعفر صادق سے ایک آدمی کے بارے میں پوچھا گیا جس نے عورت سے کئی دفعہ مجامعت کی تھی تو آپ نے کہا، کوئی حرج نہیں، جتنا چاہے فائدہ اٹھائے... آپ کے والد محمد باقر نے ان کی روایت کے مطابق صراحتاً کہا ہے کہ: ہاں ہاں جتنا چاہے کر لے، وہ تو اجرت پر حاصل کی گئی عورت ہے۔

【الفروع من الکافی"ج۵ص ۴۶۰۔】

متعہ کرنے والے کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ وہ متعہ پر دی جانے والی اجرت کا پورا پورا حساب رکھے اور کام کے حساب سے اس طے شدہ اجرت میں سے کاٹ بھی سکتا ہے، ابو الحسن سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے پوچھا گیا:

ایک آدمی نے ایک عورت سے نکاح متعہ کیا اور شرط یہ لگائی کہ وہ جس روز اس کے پاس آئے گی تو اسے یہ اجرت ملے گی، یا چند روز کی شرط لگائی کہ اتنے روز آئے گی، ایک دن" یا کچھ دن۔ اس نے وعدہ خلافی کی اور شرط کے مطابق نہ آسکی۔ تو کیا یہ آدمی اتنے دن کا حساب کر کے اس کے مہر سے اتنی مقدار روک سکتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، دیکھا جائے گا کہ شرط کے مطابق کتنے روز وہ نہیں آئی۔ اس کے حساب سے اس کے مہر (اجرت) میں سے کاٹ لیا جائے گا۔ سوائے ایام حیض کے کہ ان دنوں کی اجرت لینا ان کا حق ہے۔

【الفروع من الکافی"ج۵ص ۴۶۱۔】

یہ ہے شیعہ حضرات کا وہ متعہ جسے وہ فرض وواجب قرار دے رہے ہیں اور جس کے بارے میں ان لوگوں نے جھوٹی آیات واحادیث گھڑ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کی طرف منسوب کر دی ہیں۔ ایک حدیث یہ لوگ بیان کرتے ہیں کہ

" کوئی مومن اس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک کہ متعہ نہ کرلے۔"

مجھے سمجھ نہیں آتی، شیعہ حضرات نے یہ شرط کس لیے لگادی کہ متعہ مسافروں اور شدید خواہش جماع رکھنے والے ان لوگوں کی ضرورت ہے جو ہمیشہ رہنے والی شادی (مشکلات ولوازمات) کی وجہ سے نہیں کرسکتے۔ ہم معذرت کرنے والے کی اس معذرت کو بھی نہیں سمجھ سکے کہ "لبنان، شام اور عراق" کے عرب شیعہ متعہ نہیں کرتے، صرف ایران کے شہروں میں کچھ لوگ متعہ کرتے ہیں۔ لیکن جو ہم نے بتایا اس کی بناء پر اور اس کے باوجود وہ لوگ متعہ نہیں کرتے اور نہ یہ ان کے شہروں میں عام ہے۔

【الشیعۃ فی المیزان" از مغنیہ ص ۳۵۸ مطبوعہ: بیروت】

کوئی پوچھنے والا پوچھے کہ جب تم اسے مباح سمجھتے ہو تو پھر کرتے کیوں نہیں؟ جب تم سمجھتے ہو کہ ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک متعہ کیا نہ جائے، اس پر ثواب ملتا ہے تو کیوں نہیں کرتے؟ کیا یہ اس بات کی دلیل نہیں کہ دل میں کچھ کھٹک ہے؟ ورنہ یہ کہنے کی کیا ضرورت ہے کہ عرب نہیں کرتے اور ایرانی بھی نہیں کرتے؟

اگر یہ تکمیل ایمان اور رفع درجات کا سبب ہے تو اس میں مسافر ہونے کی شرط کیوں لگائی جاتی ہے؟ تنگدست وکشادہ دست میں فرق کیوں کیا جاتا ہے؟ ان کے اکابر نے اپنی کتابوں میں فرق کیا ہے اور باقاعدہ ابواب قائم کر کے لکھا ہے کہ مالدار کو اس سے باز رہنا چاہیے۔ ان فی ذلک لعبرۃ لاولی الابصار۔

ابو عبداللہ سے جب ایک آدمی نے متعہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے جواب میں کہا کہ "مجھے سخت ناپسند ہے کہ کوئی بھی مسلمان آدمی اس دنیا سے اس حال میں جائے کہ وہ کوئی ایسا عمل نہ کر سکا ہو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا۔

【الفروع من الکافی ج۳ص ۴۶۳۔】

ابو جعفر سے ایک پوچھنے والے نے پوچھا کہ:

کیا متعہ کرنے والے کو ثواب ملے گا؟ آپ نے کہا: وہ آدمی جو خدا کی ذات کے لیے متعہ کرے وہ جو بات بھی منہ سے نکالے گا اس کے بدلہ میں اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی، اس عورت کی طرف ہاتھ بڑھائے گا تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی، جب اس کے قریب جائے گا تو اس عمل سے اس کا ایک گناہ بخش دیا جائے گا۔ پھر جب غسل کرے گا تو جتنے بالوں سے پانی گزرے گا اتنے ہی اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے، میں نے پوچھا: بالوں کی گنتی کے برابر؟ آپ نے کہا: ہاں! جتنے بال ہوں گے اتنے گناہ بخشے جائیں گے۔

【من لا یحضرہ الفقیہ" ج۳ص ۳۶۶۔】

اس جیسی بے شمار روایات اُن کی کتابوں میں موجود ہیں۔

ہم ان کی تفسیر وحدیث اور فقہ کی کتابوں میں مروی بے شمار ولاتعداد روایات میں سے صرف ایک روایت اور پیش کر کے اس باب کو ختم کرتے ہیں۔ یہ بھی ان لوگوں کی جھوٹی منسوب کردہ روایات میں سے جعفر صادق کی طرف منسوب کردہ ایک جھوٹی روایت ہے، کہتے ہیں کہ آپ نے کہا ہے:

متعہ میرا اور میرے آباء کا دین ہے۔ جس نے اس پر عمل کیا اس نے ہمارے دین پر عمل کیا، جس نے اس کا انکار کیا، اس نے ہمارے دین کا انکار کیا، اور دوسرے دین کا معتقد"

ہو گیا، متعہ سلف کی قربت حاصل کرنے اور شرک سے محفوظ ہونے کا ذریعہ ہے، متعہ سے پیدا ہونے والا بچہ نکاح سے پیدا ہونے والے بچے سے افضل ہے، متعہ کا انکار کرنے والا کافر و مرتد ہے۔ اس کو تسلیم کرنے والا مومن ہے، موحد ہے، متعہ میں دو امر ہیں، ایک امر اس اجرت پر جو عورت کو دی جاتی ہے، اور دوسرا اجر متعہ کرنے پر۔

【تفسیر منہج الصادقین "للملا کاشانی ج۲ ص ۴۹۵۔】

متعہ اہل بیت پر سراسر الزام و تہمت اور بہتان و افتراء ہے۔ اس بات کی دلیل یہ ہے کہ کسی کتاب میں بھی، حتیٰ کہ خود ان کی اپنی کتابوں میں بھی کسی ایسی عورت کا ذکر نہیں کیا گیا جس سے ان کے بارہ ائمہ میں سے کسی ایک امام نے بھی متعہ کیا ہو، ان میں ان کا وہ امام غائب بھی شامل ہے جو ابھی تک پیدا نہیں ہوا۔ اس کے باوجود کہ ان کے ائمہ کی تمام عورتوں کا ذکر، اور ان کے نام، کتابوں میں موجود ہیں۔ ان کتابوں میں پوری تفصیل کے ساتھ علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب سے لے کر حسن عسکری تک، بشمولِ امام غائب، تمام ائمہ کی سیرت و سوانح اور ان کی عورتوں کا ذکر موجود ہے، نہ ہی اہل بیت کی اولاد میں سے کسی کے بارے میں یہ ملتا ہے کہ وہ متعہ سے پیدا ہوا۔ اس کے باوجود کہ ان لوگوں کی تاریخ، انساب، اور سیرت کی کتابوں میں مختلف قسم کی جھوٹی روایات اور بے بنیاد و بے حقیقت باتوں کی بھرمار ہے۔

یہ وہ دلیل ہے جس کا ان میں سے کسی کے پاس کوئی جواب نہیں، ان کے چھوٹے سے لے کر بڑے تک سب اس کے جواب سے عاجز و درماندہ ہیں۔ {ھَاتُوا بُرْھَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ}

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

عارضی استعمال کے لئے شرمگاہ دینا

ان لوگوں کے ہاں عارضی استعمال کے لیے شرمگاہ کا لینا اور دوستوں کو پیش کرنا بھی مباح ہے۔ طوسی نے ابو الحسن اطاری سے یہ روایت نقل کی ہے کہ آپ نے کہا ہے:

میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے پوچھا کہ عارضی استعمال کے لیے شرمگاہ لینا کیسا ہے؟ آپ نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔" 1 "الاستبصار" للطوسی ص ۱۴۱ ج ۳۔"

اسی جیسی ایک روایت ان لوگوں نے آپ کے والد سے بھی بیان کی ہے، طوسی نے ہی زرارہ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے کہا:

میں نے ابو جعفر علیہ السلام سے پوچھا: کیا کوئی آدمی اپنی لونڈی اپنے بھائی کے لیے حلال کر سکتا ہے؟ آپ نے کہا: کوئی حرج نہیں۔" 2 "الاستبصار" للطوسی ص ۱۳۹ ج ۳۔"

کسی چیز کے عوض میں بھی مجامعت کی جا سکتی ہے

ان کی انتہائی گھناؤنی اور جھوٹی روایات میں سے ایک وہ ہے، جسے ان لوگوں نے جعفر بن باقر کی طرف منسوب کیا ہے، کہتے ہیں کہ آپ نے کہا ہے:

ایک عورت عمر کے پاس آئی اور کہنے لگی: میں نے زنا کیا ہے مجھے پاک کر دیجیے، آپ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ امیر المومنین صلوٰت اللہ علیہ کو اس بات کا پتہ چلا، آپ" نے پوچھا، تو نے کیسے زنا کیا؟ وہ کہنے لگی: میں ایک جنگل سے گزر رہی تھی کہ مجھے شدید پیاس لگی، میں نے ایک اعرابی سے پانی مانگا، جب تک میں اپنے آپ کو اس کے حوالے نہ کر دوں اس نے پانی دینے سے انکار کر دیا، اس پر امیر المومنین علیہ السلام نے کہا: ربِ کعبہ کی قسم یہ تو شادی ہے۔" 3 "الفروع من الکافی" ج ۵ ص ۴۶۸۔

ذرا غور کیجیے کہ یہ لوگ اس طرح کی جھوٹی روایات بیان کر کے کس طرح برائیوں اور منکرات کے دروازے کھول رہے ہیں۔

!عورتوں سے غیر فطری فعل

اہل بیت کی طرف منسوب کردہ بے شمار جھوٹ اور بے بنیاد روایات میں سے ایک جھوٹ یہ بھی ہے کہ یہ لوگ ان حضرات سے عورتوں کے ساتھ غیر فطری فعل کا جواز نقل کرتے ہیں، چنانچہ کلینی رضا سے روایت کرتا ہے کہ اس نے صفوان بن یحییٰ سے پوچھا:

آپ کے غلاموں میں سے ایک آدمی نے مجھے آپ سے ایک مسئلہ پوچھنے کا حکم دیا ہے، آپ نے کہا: کیا مسئلہ ہے؟ میں نے کہا، کیا آدمی اپنی عورت کے ساتھ غیر فطری فعل" "کر سکتا ہے؟

آپ نے کہا: ایسا کر سکتا ہے، راوی کہتا ہے، میں نے پوچھا، کیا آپ کرتے ہیں؟

آپ نے کہا: ہم ایسا نہیں کرتے۔ 1 "الفروع من الکافی" للکلینی ج ۵ ص ۴۰ "الاستبصار" ج ۳ ص ۲۴۳، ۲۴۴۔

ایک روایت بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے دوسرے کسی آدمی کے متعلق یہ مسئلہ پوچھا کہ:

نے فرمایا ہے، a ایک آدمی عورت کے ساتھی غیر فطری راستے سے شہوت رانی کیا کرتا ہے۔ گھر میں بہت سے لوگ موجود تھے، اس نے مجھ سے بلند آواز میں کہا، رسول اللہ"

جس نے اپنے غلام کو اس چیز کا مکلف کیا جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا، اسے چاہیے کہ وہ اسے بیچ ڈالے (یعنی لوگوں کو دھوکا دینے کے لیے ایسا کیا) پھر گھر میں موجود لوگوں کے چہروں پر نظر ڈالی اور میری طرف متوجہ ہو کر کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔" 2 "الاستبصار" از شیخ الطائفہ ابو جعفر طوسی ص ۲۴۳ ج ۳ کتاب النکاح۔

آپ کے پوتے اور شیعہ حضرات کے آٹھویں امام معصوم... ابوالحسن رضا سے ایک روایت نقل کرتے ہیں جو اس سے بھی زیادہ گھناؤنی اور واشگاف الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

طوسی نقل کرتا ہے کہ "آپ سے کسی نے یہ مسئلہ پوچھا کہ کیا مرد عورت کے ساتھ غیر فطری راستے سے اپنی شہوت پوری کر سکتا ہے؟ آپ نے کہا: اس چیز کو قرآن کی یہ آیت، جو لوط علیہ السلام کا قول ہے، حلال قرار دے رہی ہے {ھٰؤلاء بناتی ھن اطھر لکم} (یہ میری بیٹیاں تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں) سمجھا گیا ہے کہ اس سے ان کی مراد غیر فطری راستہ تھا۔" 1 "الاستبصار" ج ۳ ص ۲۴۳ "تہذیب الاحکام" للطوسی ج ۷ ص ۴۱۵۔

:اسی طرح ان لوگوں نے جعفر کی ایک اور روایت عبداللہ بن ابی یعقوب کے حوالے سے نقل کی ہے کہ آپ نے کہا ہے

میں نے ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے بارے میں پوچھا، جو عورت کے ساتھ غیر فطری راستے سے شہوت رانی کیا کرتا ہے؟ آپ نے کہا: اگر عورت راضی ہو تو کوئی" حرج نہیں، میں نے کہا، پھر اللہ کے اس ارشاد کا کیا مطلب ہے {فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ} (تم ان عورتوں کے پاس اسی راستے سے آؤ جس سے آنے کا اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے) آپ نے کہا: یہ اس وقت ہے جب اولاد چاہتا ہو۔" 2 "تہذیب الاحکام" للطوسی ج ۷ ص ۴۱۴ باب آداب الخلوۃ۔ "الاستبصار" ج ۳ ص ۲۴۳۔

:ایک اور روایت یونس بن عمار سے نقل کی ہے۔ یونس بن عمار کہتا ہے

میں بعض دفعہ اپنی لونڈی سے غیر فطری راستے سے شہوت پوری کیا کرتا تھا، وہ اس میں تکلیف محسوس کرتی تھی۔ میں نے خود سے وعدہ کیا کہ اگر یہی کام میں نے اپنی بیوی سے" کیا تو مجھے ایک درہم صدقہ دینا پڑے گا۔ اب یہ میرے لیے بڑا دشوار ہو گیا ہے۔ آپ نے کہا: تجھے کچھ بھی دینا ضروری نہیں، یہ تو تیرا

"حق ہے۔

الاستبصار" ج ۳ ص ۲۴۴۔"

یہ عقیدہ ہے ان حضرات کا، جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واشگاف الفاظ میں فرما رہے ہیں کہ "میری امت کے مردوں پر میری امت کی عورتوں (یہ لفظ محاش آیا ہے۔ "محاش محشہ کی جمع ہیں اور اس کا معنی ہے "سرین۔") کے ساتھ غیر فطری راستے سے شہوت پوری کرنا حرام ہے۔

من لایحضرہ الفقیہ" ج ۳ ص ۴۶۸ کتاب النکاح باب النوادر۔"

【شیعہ و اہل بیت / از: علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمہ اللہ】

شیعہ اثنا عشریہ کا متعہ پر ابھارنا اور بدکار عورتوں سے لطف اندوز ہونا

:☆شیعہ اثنا عشری کہتے ہیں کہ ←

آدمی بطور متعہ ہزار بار شادی کر سکتا ہے، کیوں کہ متعہ والی عورت کو نہ طلاق دی جاتی ہے اور نہ وارث بنایا جاتا ہے، بلکہ یہ تو کرایہ پر لی ہوئی چیز ہوتی ہے۔ (دیکھیں: کتاب (الاستبصار) لابی جعفر طوسی، ۳/ ۱۵۵

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←

(متعہ کی اولاد دائمی بیوی کی اولاد سے افضل ہوتی ہے۔ (دیکھیں: کتاب (منہج الصادقین) للملا فتح اللہ کاشانی، ص ۳۵۶

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←

بدکار اور فاجرہ عورتوں سے متعہ کرنا جائز ہے، بلکہ ان کے نزدیک ان (عورتوں سے متعہ) کے بارے میں ترغیب آئی ہوئی ہے۔ (دیکھیں: کتاب (بحار الأنوار) (للمجلسی، ۱۰۰/ ۳۲۰، ۳۱۹

:☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ←

متعہ شدہ عورت چار (بیویوں) میں سے نہیں ہے، کیونکہ نہ اس کی طلاق ہوتی ہے اور نہ وارث ہوتی ہے، بلکہ یہ کرایہ پر لی ہوئی چیز ہوتی ہے۔ (دیکھیں: کتاب (الفروع من الکافي) للکلینی، ۵/ ۴۱۵)۔

: ☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ↞

(حسینہ عورتوں سے متعہ کرنا جائز ہے گرچہ وہ شادی شدہ یا بدکار ہوں۔(دیکھیں: الفروع من الكافي) للكليني، ۵/ ۴۶۲

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ↞:

(ادنیٰ درجے کا متعہ یہ ہے کہ آدمی عورت سے ایک مرتبہ متعہ کرے۔(دیکھیں: کتاب (الفروع من الكافي) للكليني، ۵/ ۴۶۰

☆اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ↞:

زانیہ عورت سے کراہت کے ساتھ متعہ کرنا جائز ہے، خاص طور سے جب وہ زنا و بدکاری سے مشہور ہو۔(دیکھیں: کتاب (تحرير الوسيلة) للخميني، ۲/ ۲۵۶)۔

حرمت متعہ نصوص قرآن سے

قرآن کریم کے منطوق مدلول اور مفہوم سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہورہی کے متعہ قطعاً حرام ھے اس موضوع پر ایک آیت نھی بلکہ کئ آیات ہیں چنانچہ ارشاد خداوندی ھے

وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَـٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ

اور جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں پر اس لیے کہ ان میں کوئی الزام نہیں پس جو شخص اس کے علاوہ طلب گار ہو تو وہی حد سے نکلنے والے ہیں

سورۃ المؤمنون 5،6،7

اس آیت کے آخری فقرے نے مذکورہ بالا دونوں صورتوں یعنی منکوحہ اور مملوکہ کے سوا خواہش پوری کرنے کی تمام صورتوں کو حرام کر دیا ھے خواہ زنا ھو یہ عمل قوم لوط یا وطی بہائم یا پچھ اور ممتوعہ عورت نہ تو بیوی کے حکم میں داخل ھے اور نا لونڈی کے حکم میں

لونڈی تو ظاہر ھے کے نھی اور بیوی اس لیے نھی کے زوجیت لے لیے جتنے قانونی احکام ھیں ان میں کسی کا بھی ان پر اطلاق نھی ھو تا نہ تو وہ مرد کی وارث ھوتی ھے نہ مرد اس کا وارث ھوتا ھے نہ اس کے لیے عدت ھے نہ طلاق نہ نفقہ وغیرہ بلکہ مقررہ چار بیویوں کی مقدار سے بھی مستثنی ھے پس جب وہ بیوی اور لونڈی دونوں کی تعریف نھی آتی تو محالہ وہ ان کے علاوہ کچھ اور میں شمار ھو گی جس کے طالب کو قرآن حد سے گزرنے والا قرار دیتا ھے

علماء شیعہ بھی خود معترف ھیں کے ممتوعہ عورت زوجیت میں داخل نھی ھے چنانچہ کتاب او تقادات ابن بابویہ میں تصریح ھے

:- ہمارے ہاں عورت کے حلال ھونے کے چار اسباب ہیں "

نکاح 2- ملک یمین 3- متعہ 4- حلالہ - 1

اور ابو البصیر نی اپنی صیح میں امام جعفر صادق رح سے راویت کیا ھے کہ ان سے کسی نے دریافت کیا متعہ ان چار اسباب میں سے ہے یا نہی؟

تو انھوں نے کہا- نہیں

:- امام رازی رح تفسیر کبیر ص 214 پر فرماتے ہیں

کیا قاسم بن محمد کی روایت کے مطابق یہ آیت تحریم متعہ کی دلیل ھے ؟

آپ نے کہاہاں یہ آیت حرمت متعہ پر دلالت کرتی ھے تقریر استدلال یہ ھے کے ممتوعہ عورت بیوی کے حکم میں داخل نھی ھے لہذا متعہ کرنے والے کے لیے وہ حلال نھی ھو سکتی یہ جو ہم نے کہا کے اس کی بیوی نھی تمام امت شیعہ سنی کا اجماع ھے یہ دونوں آپس مین ایک دوسرے کے وارث نھی ھوتے اگر ممتوعہ عورت اس کے بیوی کے حکم میں داخل ھوتی تو ضرور وارث بنتی-

- کیونکہ فرمان خداوندی ھے اور تمھاری بیویوں نے جو کچھ چھوڑا ھو اس کا آدھا تمیں ملے گا اور جب یہ ثابت ھوا کے وہ بیوی کے حکم میں نھی تو پھر حلال نھی ھو سکتی

ام مومنیں حضرت عائشہ رض اسی آیت کی بنا پر متعہ کو حرام قرار دیتی ھیں

ام مومنین حضرت عائشہ رض سے جب متعہ کے متعلق سوال ہوا تو آپ نے فرمایا میرے اور ان مجوزین متعہ کے درمیان اللہ تعالی کی کتاب ھی فیصلہ کر دیتی ھے پھر انھوں نے مزکورہ آیت تلاوت فرمائی فرمایا اس آیت میں اللہ تعالی نے صرف بیوی اور لونڈی کو حلال قرآر دیا ھے ان دونوں کے علاوہ جو کوئی تیسری صورت نکالے گا وہ بلاشعبہ حدود شرعیہ سے تجاوز کرنے والا ھے ۔ سنن بیھقی

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ

اور چاہیے کہ پاک دامن رہیں وہ جو نکاح کی توفیق نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے

سورۃ النور 33

اگر متعہ جائز ھوتا تو ممکن ھوتا کے کسی عورت کو ایک رات کا معمولی خرچ دیتے اور دو چار مرتبہ جماع کر کے فراغت حاصل کر لیتے عفت بچانے مین تکلیف اور مشقت نا اٹھانے کی ضرورت پیش آتی نکاح کی شرایط سے معلوم ھوتا ھے کے جب نکاح کی طاقت نہ ھو اور کوئی دوسری صورت عفت بچانے کی نھی

یہاں وہ حدیث بھی ملاحظہ فرمایں

حضرت عبداللہ بن مسعود رض راویت کرتے ھیں کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

نوجوانو تم میں سے جو شخص شادی کر سکتا ھو اسے کر لینی چاھیے کیونکہ یہ نگاہ کو بدنظری سے بچانے اور عفت قائم رکھنے کا بہت بڑا زریعہ ھے اور جو استطات نہ رکھتا ھو وہ روزے رکھے کیونکہ روزے آدمی کے جوش طبیعت کو ٹھنڈا کر دیتے ھیں "

بخاری شریف ص 255 جلد 1

اس حدیث سے صاف معلوم ھوتا ھے متعہ حرام ھے کیونکہ اگر حرام نا ھوتا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نوجوانوں کو روزہ رکھ کر جوش طبیعت کو تھنڈا رکھنے کی تلقین نا فرماتے کیونکہ اس جوش طبیعت کو تھنڈا کرنے کے لیے ایک سہل الحصول علاج متعہ ھر وقت موجود ھے پھر روزہ رکھنے کی زحمت گوارہ کرنے کی کیا ضرورت ھے لہذ متعہ کا حرام ھونا اظہر من الشمس ھے۔

حرمت متعہ حدیث رسول نبی کریم ﷺ سے

قرآن پاک کے بعد اب وہ آحادیث بھی ملاحظہ فرمایں جن میں واشگاف الفاظ میں متعہ کو تا قیامت حرام قرآر دے دیا گیا ھے ۔

ربیع رض بن سبرہ نے اپنے باپ سے راویت کیا ھے کے وہ رسول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے سو آپ نے فرمایا اے لوگو میں نے تم کو عورتوں سے متعہ کرنے کی اجازت دی تھی اور اب اللہ تعالی نے اس کو تا قیامت کے دن تک کے لیے حرام کر دیا ھے سو جس کے پاس کوئی ان میں کی ہو تو چاھیے کہ اس کو چھوڑ دے اور جو چیز تم انکو دے چکے ھو وہ واپس نہ لو ۔

مسلم شریف جلد 1 ص 451

ابو داود جلد 1 ص 290

حضرت انس رض فرماتے ھیں کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرمایا ھے

السراج الوہاج ص 526 جلد 1

حضرت ابن عمر رض سے مروی ھے کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ خیبر میں متعہ نساء سے منع فرمایا ھے

کنز العمال جلد 5 ص 527

مذکورہ تمام احادیث سے متعہ کا حرام ہونا روز روشن کی طرح عیاں ھے ان احادیث کا انکار اھل سنت میں سے کسی نے نھی کیا سب نے ھی بالاتفاق قبول کر کے متعہ کی حرمت کا فتوی دیا ھے

آل نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے زمانہ اس کی حرمت وحلت کے بارے میں کئی روایات وارد ہیں بعض کے نزدیک یہ دو سے زائد مرتبہ حلال و حرام ھوا اور پھر جب آخری مرتبہ

حرام ہوتو ہمیشہ کے لیے حرام ہو گیا یعنی خیبر سے پہلے حلال تھا اور پھر یوم خیب کے موقع پر حرام ہوا پھر فتح مکہ اور دہی اوطاس کا دن ھے اس لیے کے یہ دونوں متصل ھیں کے دن حلال ہوا اور تین دن کے بعد ہمیشہ کے لیے حرام ہو گیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور متعہ

تمام صحابہ کرام رض کی طرح حضرت علی رض سے بھی تحریم متعہ کی روایات اس قدر شہرت اور تواتر تک پہنچی ھوئی ھے کہ حضرت حسن رض اور محمد بن حنفیہ کی تمام اولاد نے اس روایت کیا ھے جو اھل سنت اور اھل تشیع کی کتب احادیث میں موجود ھے

امام بخاری نے ان الفاظ میں ایک باب قائم کیا ھے :-

نکاح متعہ آل نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آخر میں منع

اس باب کے تحت امام بخاری رح نے حضرت علی رض کی یہ روایت پیش کی ھے

نبی ﷺ نے منع فرمایا متعہ سے اور پلے ھوے شہری گدھوں کے گوشت کھانے سے خیبر کے دن

بخاری شریف جلد2 ص767

یہ حدیث صحیح بخاری کے علاوہ مندرجہ زیل کتب احادیث میں بھی موجود ھے

صحیح مسلم، ترمذی شریف، نسائی، ابن ماجہ، موطا امام مالک، مسند احمد

کتب شیعہ

امامیہ شیعہ کی معتبر کتب استیصار، فروغ کافی اور تہذیب الاحکام میں بھی یہ روایت حضرت علی رض سے منقول ھے پھر لطف کی بات یہ ھے کے یہ روایت ان کتب میں انھی الفاظ کے ساتھ منقول ھین جن الفاظ کے ساتھ یہ اھل سنت کی کتب میں ھے۔ چنانچہ ملاحظہ ھو

حضرت علی رض سے روایت ھے کے خیبر کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھریلو گدھوں کے گوشت کھانے اور نکاح متعہ کو حرام قرار دے دیا "

استیصار جلد3 ص142، فروغ کافی ص192 جلد2، اور تہذیب الاحکام جلد2 ص186

- کیسی صاف روایت ھے روایت بھی ایسی کے جناب علیؓ جو اپنے فہم سے فتوی نھی دیتے بلکہ پیغمبر اسلام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے ہیں

کیسی صریح ہدایت ھے اور کیسا صاف ارشاد ھے پر اصحاب شیعہ کی کتنی جرت ھے کے اس روایت علی رض کی نسبت یوں گوہر افشانی کرتے ہیں کے یہ روایت جناب علی رض کی فرف سے تقیہ پر محلول ھے چنانچہ صاحب استفسار محدث شیعہ کے اپنے الفاظ اسی روایت کے متعلق یہ ھیں-

یہ روایت حضرت علی رض کی طرف سے تقیہ پر محلول ھے العامتھ ص142"

مطلب یہ حضرت علی رض نے عوام اھل سنت سے ڈر کر یہ روایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر تھوپ دی معاذ اللہ۔

بھلا آل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تقیہ کرنے کی کیا ضرورت تھی اور کن لوگوں سے تقیہ کرنا تھا اور اگر آپ تقیہ ھی کرتے تھے تو باقی ذخیرہ دین کا کیا اعتبار کے وہ تقیہ تھا یا حقیقت-

ممکن اس حدیث کو تقیہ پر محلول کرنے والے گدھوں کا گوشت بھی کھاتے ھوں- کیونکہ ان کے متعلق اور تقیہ کے متعلق ایک ھی اعلان ھے-اگر وہ حقیقت ھے پر مبنی ھے تو متعہ حرام ٹھہرا اور اگر تقیہ پر محمول ھے تو گدھے بھی حلال ھو گئے-

حرمت متعہ کتاب شیعہ سے

جس طرح اہل سنت سے متعہ کی حرمت ثابت ھے ایسے ھی ائمہ اھل بیت سے بھی

اس کی حرمت ثابت ھے چنانچہ ملاحظہ ھو

مفضل کہتا ھے کے میں نے امام صادق رض کے متعلق فرماتے ھوے سنا :

''' متعہ چھوڑ دو کیا تمھیں شرم نھی آتی کے کوئی شخص عورت کی شرم گاہ دیکھے اور اس کا ز کر اپنے بھائیوں اور احباب سے جا کرے "

فروغ کافی جلد 2 ص 192

اس راویت مین ناصرف متعہ کو حرام کیا گیا بلکہ اس بے حیائی کا نہایت ھی مختصر مگر معنی خیز الفاظ میں مرقع کینچا گیا ھے اس سے ثابت ھوا متعہ فعل بے حیائی ھے اس لیے شیعوں کو اس فعل کا ارتکاب کر کے بے حیا نھی بننا چاھیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حرمت متعہ

شیعہ حضرات متعہ کے جواز میں حضرت عبداللہ بن عباس رض کا نام بڑی شد و مد سے پیش کرتے ھیں لہذا ھم چاھتے ھیں کے اھل سنت اور شیعہ ھر دو کی کتب میں حضرت عبداللہ بن عباس رض کے بارے میں جو کچھ مروی ھے اس کو بھی پیش کریں تا کہ شیعہ کی خوش فھمی دور ھو جاے۔ چنانچہ لاحظہ ھو امام ترمذی نے ترمذی شریف میں

" باب ماجا فی نکاح متعہ "

کا باب قائم کیا ھے اور دو احادیث نقل کی ھیں ایک تو حضرت علی رض والی جو پہلے گزر چکی ھے اور دوسری حدیث

- حضرت ابن عباس رض سے مروی ھے اگر متعہ جائز ھوتا تو امام حسن رض نکاح و طلاق کے جھگڑیے میں نا پڑتے "

- حضرت امام حسن رض با اعتراف صاحب مجلس المومنین بہت سے نکاح اور طلاق دیتے تھے

- غور کیجے اگر متعہ حلال ھوتا تو حسن رض متعہ سے کبھی کنارہ کشی نا کرتے بلکہ کل ائمہ کرام نے کبھی بھی اپنا دامن عصمت متعہ جیسے فعل سے آلودہ نہ کیا

البتہ اتنی بات ضرور ھے کے حضرت ابن عباس رض کچھ عرصیہ تک متعہ کو اضطرار اور شدید ضرورت کی حالت میں جائز سمجھتے رہے پھر حضرت علی رض کے سمجھانے سے رجوع فرمایا۔ جیسا کے ترمذی کی مزکورہ روایت سے معلوم ھوا

حضرت علی رض کے سمجھانے والی روایت یہ ھے

حضرت علی رض نے حضرت ابن عباس رض کے متعلق سنا کے وہ متعہ کے متعلق کچھ نرم فتوی دیتے ھیں تو آپ نے فرمایا اے ابن عباس رض ایسی بات چھوڑ دو کیونکہ خیبر کے "

- دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ اور پالتو گدھوں کا گوشت کی ممانعت فرمادی تھی

یہی روایت تحفہ المومنین اور کتاب المحاسن البرقی جو شیعہ کی معتبر کتب ہیں جناب امیر سے نقل کی گئی ھے پس جب یہ حدیث متفق علیھ فریقین ھے تو اس کی صحت سے انکار کی

- گنجائش نھی رھتی حدیث کے الفاظ یہ ہین

" جناب امیر نے ابن عباس رض کو کہا کے تحقیق تو مرد عیاش ھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرمادیا تھا

حضرت عبداللہ ابن ذبیر رض کی بھی اس بابت حضرت ابن عباس رض سے بحث و تکرار موجود ھے الغرض حضرت ابن عباس رض نے حضرت ابن ذبیر رض اور حضرت علی رض

- اور دیگر علماء سے بحث کے بعد اپنے سابق فتوی سے رجوع کر لیا تھا اور متعہ کا منسوخ ھونا ان پر ظاہر ھو گیا

امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین حضرت ابن عباس رض کے متعلق فرماتے ہیں کے انہوں نے موت کے وقت کہا تھا

اے اللہ میں اپنے متعہ کی حلت کے قول سے توبہ کرتا ھوں۔ "

- مندرجہ زیل روایت سے ثابت ھوتا ھے کے بعد مین حضرت عبداللہ بن عباس رض نے متعہ کی حلت سے رجوع کر لیا تھا چنانچہ ابو اسحاق مولی بن ہاشم کہتے ہیں کے

ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عباس رض سے اپنا واقعہ بیان کیا کہنے لگا کے میں ایک مرتبہ سفر میں تھا میرے ساتھ میری لونڈی تھی میں نے وہ لونڈی اپنے رفقا و سفر کے "

لیے مباح کر دی وہ اس سے متعہ کرتے رہی تو حضرت عبداللہ بن عباس رض نے فرمایا یہ تو بلکل زنا ھے

- حضرت عبداللہ بن عباس رض کے اس فتوی سے ثابت ھو گیا کے بعد میں وہ متعہ کو زنا سمجھنے لگے تھے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حرمت متعہ

شیعہ حضرات بغض وعناد کی بنا پر حرمت متعہ کی نسبت حضرت فاروق اعظم رض کی طرف کرتے ھیں وہ کہتے ھیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حلال کیا تھا لیکن حضرت عمر رض نے اس کو حرام کر دیا حالانکہ یہ الزام سرے سے غلط ھے کیونکہ متعہ کی حرمت خود قرآن پاک کی نصوص اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح احادیث سے ثابت ھے جن کا ذکر پہلے ھو چکا- حضرت عمر رض اس حکم کے موجد نہی تھے بلکہ صرف اسے نافذ شائع اور مشتہر کرنے والے تھے چونکہ یہ حکم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری زمانے مین دیا تھا اور عام لوگوں تک نا پہنچا تھا اس لیے حضرت عمر رض نے اس کی عام اشاعت کی اور بذریعہ قانون اس کو نافذ کیا -

ابن ماجہ میں صحیح سند کے ساتھ حضرت عمر رض کے الفاظ منقعول ہیں -

حضرت فاروق اعظم رض ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن کے لیے متعہ مباح کیا پھر بعد ازاں خود ہی آپ نے اس کو حرام قرار دے دیا واللہ جس نے شادی شدہ ہو کر متعہ کیا تو میں اسے پتھروں سے رجم کر دوں گا -

کیونکہ متعہ کی حرمت صحیح حدیث سے ثابت ھے لہذا حضرت عمر رض پر حرمت متعہ کا الزام لغو مردود اور باطل ھے

صحیح بخاری شریف میں ہے امام بخاری رح فرماتے ھیں کے

حضرت علی رض نے اس بات کی وضاحت کی کے متعہ نسخ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ھے لہذا حضرت عمر رض پر حرمت کا الزام بے بنیاد ھے

صحیح بخاری شریف ص767 جلد2

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پر متعہ سے پیدا ہونے کا الزام

